★★پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Web: www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 9 محرم الحرام 1447ھ، 5 جولائی 2025ء، 22 ساون 2082ب | صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 229

افغان نیستا در اندازی کی کوشش ناکام، بھاری جمعیت پر مشتمل 30 دہشتگرد ہلاک

سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے حسن خیل سے پاک افغان بارڈر کے ذریعے فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کی دراندازی کی کوشش کو ناکام بنایا

افغان حکومت اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکنے کے مؤثر اقدامات کرے، سکیورٹی فورسز سرحدوں کے دفاع اور بھارتی اسپانسرڈ دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے پلاننگ، ڈویلپمنٹ اینڈ سپیشل انیشی ایٹوز احسن اقبال کی صدارت میں نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ اور ناشتہ حسین اللہ خٹک کی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے پاک افغان بارڈر کے ذریعے دراندازی کی کوشش کرنے والے 30 بھارتی اسپانسرڈ خوارج کو ہلاک کر دیا، آئی ایس پی آر کے مطابق یکم اور 2 جولائی کی درمیانی رات بھارتی اسپانسرڈ خوارج کی جانب سے کی گئی دو مذموم کوششوں کو ناکام بنایا گیا، ہلاک دہشتگرد بھارتی خفیہ ایجنسی را کے تربیت یافتہ تھے، ان کے قبضے سے بھارتی ساختہ اسلحہ، گولہ بارود اور مواصلاتی آلات برآمد ہوئے، ان کے پاس سے ملنے والے دستاویزات سے بھارت کی براہ راست ملوثیت ثابت ہوئی ہے، ہلاک دہشتگردوں کی شناخت کیلئے ڈی این اے ٹیسٹ کیا جائے گا، آئی ایس پی آر کے مطابق یکم جولائی کو خوارج نے پاک افغان بارڈر کے ذریعے شمالی وزیرستان میں داخل ہونے کی کوشش کی، سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 3 خوارج کو ہلاک کر دیا، جس کے بعد خوارج نے 2 جولائی کی صبح ایک اور کوشش کی، سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 27

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

08 محرم/لاہور پولیس کے سخت حفاظتی انتظامات

ملک دشمن عناصر کو شہر کا امن خراب نہیں کرنے دیں گے

شہریوں کے تحفظ کا فریضہ ہر قیمت پر ادا کریں گے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران

لاہور (خبر نگار) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا ہے کہ لاہور پولیس کسی بھی ناگہانی کامران نے پولیٹیکل ڈیوٹی پر موجود جوانوں اور ڈولفن ٹیموں کو ضروری ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ



صورتحال سے نمٹنے کیلئے مکمل تیار ہے۔ ملک دشمن عناصر کو شہر کا امن خراب نہیں کرنے دیں گے۔ شہریوں کے تحفظ کا فریضہ ہر قیمت پر ادا کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آتھوس محرم کی جلوس ومرکزی جلوسوں کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے کیا۔ فیصل کامران نے اندرون



سٹی موری گیٹ سے نکلنے والے جلوس، امام بارگاہ قصر تول اقبال ٹاؤن، بلال رضا آباد و دیگر علاقوں کی امام بارگاہوں کے حفاظتی انتظامات چیک کئے۔ انہوں نے جلوسوں کے داخلی وخارجی روٹ کیلئے ڈولفن شپری پولیس جوانوں سے تعاون کریں۔



جائے۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ شہر کے داخلی وخارجی ناکوں پر بھی سخت چیکنگ عمل میں لائی جارہی ہے۔ امن و امان کی فضاء برقرار رکھنے کیلئے دوران چیکنگ شہری پولیس جوانوں سے تعاون کریں۔

سرینا ہوٹل کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخطوں کی تقریب



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری بزنس کمیونٹی کے ساتھ ساتھ چیمبر کے ممبران کیلئے خصوصی مراعات کے حامل ہونے کے لئے سرینا ہوٹل فیصل آباد کے جنرل منیجر رشید لطیف اور چیمبر کے صدر ریحان نیم بھرا نے سرینا ہوٹل کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے جس کے تحت چیمبر کے ممبران کو مختلف خدمات کی فراہمی اور رعایتیں دینے پر رضامندی ظاہر کی گئی ہے جبکہ اس کے بدلے میں ان اداروں کو فیصل آباد چیمبر کے 211 ممبران کی صورت میں بہت بڑی تعداد میں پوٹینشل کلائنٹ ملنے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرینا ہوٹل کے ساتھ مفاہمتی یادداشت کے نتیجے میں دونوں اداروں کو کاروباری مواقع بڑھانے میں مدد ملے گی جبکہ اس یادداشت کے تحت سرینا ہوٹل میں قیام کرنے والے چیمبر کے ممبران کو خصوصی رعایت دی جائے گی۔ سرینا ہوٹل فیصل آباد کے جنرل منیجر رشید لطیف نے کہا کہ سرینا ہوٹل کی 28 برانچیں 6 مختلفممالک میں کام کر رہی ہیں جبکہ وسط ایشیائی ریاستوں میں بھی نئے ہوٹل کھولنے کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے قازقستان کی سیم اسٹان اور صدیوں پرانی تہذیب کا ذکر کیا اور کہا کہ یورپ کے سیاح بڑی تعداد میں اس ملک کی سیاحت کو جاتے ہیں جبکہ پاکستان اور خاص طور پر فیصل آباد کی ٹیکسٹائل صنعت کے ممبران کیلئے بھی یہ ایک بہترین موقع ہے جس سے وہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرینا ہوٹل کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد ہوٹل کے ساتھ ساتھ کاروباری معاملات میں بھی کمی آئے گی۔ اس موقع پر سینئر نائب صدر محمد شہباز ڈائریکٹر سیل اینڈ مارکیٹنگ سرینا گروپ آف ہوٹلز، ریجنل نائب صدر بلال وحید، محمد علی، انجینئر چیمبر کے سابق صدر شیخ محمد سعید اور دیگر ممبران موجود تھے۔

جلوس ومجالس۔کمشنر لاہور زید بن مقصود کے اضلاع کے دورے

کمشنر لاہور کے امام بارگاہ وجلوس شرقپور، شیخوپورہ، دارالرشن، ننکانہ صاحب جلوس روٹس کے دورے

کمشنر لاہور زید بن مقصود نے محرم جلوسوں کیلئے قائم انتظامی کیمپس، سبیلوں اور موبائل ٹوائیلٹس کو چیک کیا

تمام جلوسوں کی مانیٹرنگ جاری ہے۔ریسکیو، میڈیکل ٹیمز، کسیکوٹی، ایلانگ، نکاسی آب انتظامات مکمل ہیں: کمشنر لاہور

انتظامیہ و منتظمین مجالس وجلوس رابطہ میں ہیں: اوقات کی پابندی پر عملدرآمد یقینی بنائیں: کمشنر لاہور

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے محرم جلوسوں کیلئے قائم انتظامی کیمپس، سبیلوں اور موبائل ٹوائیلٹس کو چیک کیا۔ کمشنر لاہور نے ڈی سی او لاہور، ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران، ڈی جی ریسکیو 1122 ڈاکٹر ریسکیو، ایم ڈی واسا، ڈی جی پی ایچ اے، ڈی جی ایل ڈی اے، ڈی جی ٹی ایم اے، ڈی جی ایل ڈبلیو ایم سی

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3)5 جولائی 2025ء

ڈپٹی کمشنر چکوال آر پی او، ڈی پی او کا 8 محرم کے جلوس کے روٹ کا معائنہ

سیکیورٹی اینڈ ٹریفک مینجمنٹ، صفائی کے انتظامات سمیت میونسپل سروسز اور انتظامی نوعیت کے دیگر امور کا جائزہ لیا، آر پی او سرفراز الیاس نے اس موقع پر سیکیورٹی ٹیموں کا بھی دورہ کیا

چکوال (ایم ایوب ملغانی) ڈپٹی کمشنر چکوال سید سرفراز الیاس نے آفیسر (آر پی او) راولپنڈی بابر سرفراز الپانے آٹھویں عرم کے مرکزی جلوس کے موقع پر تحد گانہ کا دورہ کیا۔انہوں نے ڈپٹی کمشنر سادہ حیات اور ڈی پی او ایسٹیٹ ( ) احمدی الدین کے ہمراہ تنظیمی شہر میں آٹھویں عرم کے مرکزی جلوس کے موقع پر روٹ کا معائنہ کیا۔ سیکیورٹی اینڈ ٹریفک مینجمنٹ ، صفائی کے انتظامات سمیت میونسپل سروسز اور انتظامی نوعیت کے دیگر امور کا جائزہ لیا۔آر پی او سرفراز الیاس نے اس موقع پر سیکیورٹی ٹیموں کا معائنہ بھی کیا۔انہوں نے مرکزی جلوس کے مقررہ روٹ اور امام بارگاہ کی مکمل سیکورٹی کے انتظامات اور جلوس کے اختتام تک کڑی نگرانی پر زور لگھنے کی ہدایت کرتے ہوئے اس کو چوٹی محمل عمادی بنائے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن و ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب ملک شہریار اعوان اور آر پی او نے اسی تناظر میں ڈپٹی کمشنر چکوال روم اور بھی جایجاں ر پی او ڈپٹی کمشنر ساد حیات اور ڈی پی او ایسٹیٹ احمدی الدین نے برفنگ دی۔ آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الیاس نے کنٹرول روم میں نصب کیمروں کے ذریعے بھی جلوس کی سیکیورٹی مانیٹرنگ کے تمام تر عمل کا تفصیلی جائزہ لیا اور ڈیوٹی پر تعینات عملہ کی تفصیلات بھی طلب کیں۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ و پولیس کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔




عظیم الشان شہادت امام حسینؑ کانفرنس 6 جولائی کو ہوگی

حکومتی دعوؤں کے برعکس مہنگائی اور بیروزگاری دن بدن بڑھ رہی ہے

پٹرولیم مصنوعات، گیس کی قیمتوں میں اضافے سے ہماری زندگی برباد ہوکر رہ گئی ہے، سید آفتاب حسین بخاری

چنیوٹ (ڈسٹرک رپورٹر) پاکستان فلاح پارٹی کے صدر وائس چیئرمین سید آفتاب حسین بخاری نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ حکومتی دعوؤں کے برعکس مہنگائی اور بیروزگاری دن بدن بڑھ رہی ہے پٹرولیم مصنوعات، گیس کی قیمتوں میں اضافے سے ہماری زندگی برباد ہوکر رہ گئی ہے حکومت عوام کو ریلیف دینے میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے ہمارے ملک میں ہر سال لاکھوں نوجوان ڈگریاں لے کر سڑکوں پر دھکے کھانے پر مجبور ہیں ہر پٹرولیم مصنوعات میں اضافے سے ہر چیز کی قیمت میں اضافہ ہوتا ہے جس سے عام آدمی کی زندگی اجیرن ہوچکی ہے ہر پٹرولیم مصنوعات میں اضافے سے عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مسلسل اضافہ کیا جارہا ہے جس سے عوام کی چیخیں نکل گئی ہیں ہر چیز کی قیمت میں اضافہ ہوا ہے ہر ماہ بجلی کے بلوں میں

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

نئی جنگ؛ پاکستان کی خاموشی

جنوبی ایشیا کی سیاست ایک مرتبہ پھر ایسے موڑ پر آن کھڑی ہوئی ہے جہاں جنگ اور امن کی سرحدیں دھندلا رہی ہیں۔ بھارت کی جانب سے حالیہ دنوں میں اپنائی جانے والی جارحانہ ڈاکٹرائن کا نچوڑ یہ ہے کہ اگر بھارت میں دہشتگردی ہوگی تو وہ خود فیصلہ کرے گا کہ کس پر حملہ کرنا ہے۔ یہ اعلان بین الاقوامی قانون، اقوامِ متحدہ کے چارٹر اور مہذب دنیا کی تمام سفارتی روایتوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔ پاک بھارت جنگی تصادم کے بعد سے حکومت پاکستان بھارت کو مشورہ دیتی رہی ہے کہ وہ تصادم کا راستہ اختیار نہ کرے اور پاکستان کے ساتھ مقبوضہ کشمیر کے مستقبل سمیت تمام معاملات طے کرلے۔ تاہم بھارت کے طرف سے اس بارے میں کوئی حوصلہ افزا جواب موصول نہیں ہوا۔ بھارت نے گزشتہ دو ماہ سے مسلسل یہی رٹ لگائی ہے کہ پہلگام کا سانحہ پاکستان کی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کا نتیجہ تھا اور اسی کی وجہ سے خطے کے حالات خراب ہیں۔ کیونکہ پاکستان مسلسل دہشتگردی کی سرپرستی کرتا ہے۔ یہ معاملہ اس حد تک سنگین ہے کہ پاکستان کے خلاف 7 مئی کو ہونے والا آپریشن سندور جنگ بندی کے باوجود جاری رکھنے کا اعلان کیا جاتا ہے۔ یعنی بھارت کسی وقت بھی موقع ملتے ہی دوبارہ حملوں کا آغاز کرسکتا ہے۔ اس حوالے سے بھارت نے یہ موقف بھی اختیار کیا ہے کہ اگر بھارت میں کوئی بھی دہشتگردی ہوتی ہے تو اس کا ذمہ دار پاکستان کو سمجھا جائے گا اور اس کے جواب میں حق دفاع کے تحت باقاعدہ حملہ کرے گا۔ گویا بھارت نے یہ ڈاکٹرائن متعارف کرائی ہے کہ اگر کسی ملک میں کوئی دہشتگردی ہوتی ہے، خاص طور سے بھارت میں کوئی وقوعہ ہوتا ہے تو بھارت کو حق ہے کہ وہ اس ملک پر حملہ کرے جس کے بارے میں اسے شبہ ہے کہ اس کی طرف سے یہ کارروائی کی گئی تھی۔ جیسا کہ ہم نے دیکھا کہ بھارت نے پہلگام کے سانحہ کے کوئی شواہد پیش نہیں کیے لیکن پاکستان پر الزام لگاتے ہوئے بلا اشتعال حملہ کردیا۔ اگرچہ یہ خطرناک طرز عمل ہے لیکن حالات کو سمجھنے کے لیے ماننا ضروری ہے کہ اس وقت بھارت نے یہی ڈاکٹرائن اختیار کی ہوئی ہے۔ اس بھارتی موقف کے پیش نظر اور آپریشن سندور جاری رکھنے کے حوالے سے پاکستان کی پالیسی ناقابل فہم اور مبہم ہے۔ مئی کی جنگی جھڑپوں کے بعد پاکستان کو عسکری ہی نہیں بلکہ سفارتی کامیابی بھی نصیب ہوئی ہے۔ دنیا میں پاکستان کے اس موقف کو تسلیم کیا گیا ہے کہ اس نے بھارت کے خلاف اپنا حق دفاع استعمال کیا تھا اور جنگ شروع نہیں کی تھی۔ خاص طور پر گزشتہ دنوں واشنگٹن کے وائٹ ہاؤ؟س میں صدر ٹرمپ کی طرف سے فیلڈ مارشل عاصم منیر کا خیر مقدم کرنے سے یہ واضح ہوا کہ امریکہ اور اس کے زیر اثر دیگر ممالک میں پاکستان کو خوش آمدید کہا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ چین اور روس کے ساتھ بھی پاکستان کے مناسب اور دوستانہ تعلقات ہیں۔ اس بحران میں انہوں نے پاکستان کا ساتھ دیا تھا۔ اس کے باوجود پاکستان اپنے لیے پیدا ہونے والے سفارتی امکان سے استفادہ کرنے میں ناکام دکھائی دیتا ہے۔ حتیٰ کہ پاکستانی حکومت کوئی واضح حکمت عملی بنانے میں بھی کامیاب نہیں ہورہی۔ وزیراعظم، آرمی چیف یا وفاقی وزرا ضرور وقفے وقفے سے بھارت کو متنبہ کرتے ہیں اور اسے تصادم سے بچنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ اور اگر بھارت نے ایک بار پھر پاکستان پر حملہ کیا تو اس کا پہلے سے بھی سخت جواب دیا جائے گا۔ لیکن بھارت نے جیسے دہشت گردی کی صورت میں پاکستان کو نشانہ بنانے کی ڈاکٹرائن بنائی ہے یا پاکستان کو پانی کی فراہمی روکنے کے لیے سندھ طاس معاہدہ معطل کیا ہے، اس کا جواب دینے کے لیے کوئی پاکستانی پالیسی دکھائی نہیں دیتی۔ حکومت ہمیں بس یہ بتاتی ہے کہ بھارت فوری طور سے پاکستان کا پانی بند کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔ کیوں کہ ابھی اس کے پاس ایسے انتظامات نہیں ہیں

ہان کانگ اور انسانی اعمال

تحریر؛ ڈاکٹر حنا جمشید

2024ء میں اپنے ناول ''دی ویجیٹیرین'' کے سبب بلا شرکتِ غیرے ادب کا نوبل انعام حاصل کرنے والی پہلی ایشیائی خاتون اور جنوبی کوریا کی معروف مصنفہ ہان کانگ کو ان کے منفرد اندازِ تحریر، انوکھے موضوعات، شاعرانہ اسلوب اور انسانی دردو کرب کو حساس کو لفظوں میں سمو لینے کی حیرت انگیز صلاحیت کے سبب ایک خاص عالمی شہرت حاصل ہے۔

ان کے لکھنے کی ابتداء کہانی 'اسکارلٹ اینکر' (1993ء) سے ہوئی، جو نئے سال کے مقابلہ جات کا انعقاد کرانے والے رسالے سیول سن من میں 1994ء میں اول نمبر پر آئی تھی۔ اس کے بعد جلد ہی ان کا ناول 'ریڈ اینکر' 1994ء میں سامنے آیا۔ تاہم ہان کانگ کو اصل شہرت اس کے کئی سال بعد منظرِ عام پر آنے والے ان کے ناول 'دی ویجیٹیرین' سے ملی، جو 2007ء میں شائع ہوا۔ اس ناول کو 2016 کے مین بکر پرائز سے نوازا گیا تھا۔ یہ انعام اس ناول کے اصل کورین متن اور انگریزی ترجمے، جسے ڈیبورا سمتھ نے سرانجام دیا تھا، ان دونوں کو ہی بیک وقت دیا گیا تھا۔

اپنے ناول ''دی ویجیٹیرین'' میں وہ ایک ایسی عورت ینگ ہی کی کہانی سناتی ہیں جو اپنے ایک ہراساں کردینے والے خواب کے سبب گوشت خوری سے کنارہ کشی اختیار کر لیتی ہے، یہی نہیں اس کی آخری حیرت انگیز خواہش پودا بن کر امر ہوجانا ہے، جو اس ناول میں پوری بھی ہوجاتی ہے۔

ہان کانگ کی تحریروں میں انسانی نفسیات کی ایک خاص گہرائی دیکھنے کو ملتی ہے، اس حوالے سے ان کی ایک اور تخلیق ''دی وائٹ بک'' خاص طور سے قابلِ ذکر ہے۔ یہ ایسا سوانحی ناول ہے جسے انھوں نے اپنی بڑی بہن کی پیدائش کے دو گھنٹے بعد ہی وفات سے مضطرب ہوکر تحریر کیا۔ اس ناول میں زندگی و موت کا باہمی سنگم ایک حیرت انگیز پیرائے میں سامنے آتا ہے جو قاری کے سامنے موت کے فلسفے اور زندگی کی المناک جہات کو حساس انداز میں پیش کرتا ہے۔

ہان کانگ انسانی بیگانگی، اجنبیت، ماحولیاتی جبر، صدمے، حیاتِ انسانی کی بقاء اور وجودیت کو اکثر اپنی تخلیقات کا موضوع بناتی ہیں۔ ان کے ناولوں میں تشدد، سماجی دباو؟، آمرانہ نظام، فرسودہ فکر اور مطلق العنان حکمرانوں کی سختی اور سماجی تلخی بھی اپنی بھرپور گہرائی سے ملتی ہے۔ ہان کانگ 1970 میں گوانگجو میں پیدا ہوئیں۔ ان کے والد، جو خود ایک معروف تخلیق کار ہیں، انھوں نے 1980 کی گوانگجو بغاوت سے محض چار ماہ قبل، وہاں کی سیاسی وسماجی صورتحال کی ابتری کے سبب سیول کی جانب ہجرت کی تھی۔ لیکن اس واقعے کے پرتشدد سیاسی جبر نے اس خاندان پر گہرے اثرات چھوڑے۔

یہی وجہ ہے کہ ہان کانگ نے بہت کم عمری میں ہی گوانگجو کے اس ہولناک سیاسی سانحے کی بازگشت اپنے گھر اور گرد و پیش میں سنی اور وقت کے اس ہولناک جبر اور خوف کو اپنی ذات کی گہرائیوں میں محسوس کیا۔ یہی وہ چیز تھی جس نے ان کی تخلیق میں دکھ، درد، صدمے اور کرب کی فضا تخلیق کی اور انسانی آزادی و بقاء کی جنگ کو مزید تقویت بخشی۔



جنوری 2016 میں ان کا منظرِ عام پر آنے والا ناول ''انسانی اعمال'' جسے حال ہی میں قربان چنا صاحب نے اردو زبان و ادب میں منقلب کیا ہے، گوانگجو بغاوت کے جبر و استحصال کی اسی بدترین تاریخ اور سیاسی و سماجی صورتحال کا احاطہ کرتا ہے۔

یہ ناول کئی جہات سے جنوبی کوریا کی تاریخ کے اس پرتشدد واقعے کی نہ صرف مذمت کرتا ہے بلکہ پسماندگان کے گہرے غم، ہولنا کی اور مطلق العنان آمروں کے اس سیاسی جبر پر بھی اپنی توجہ مرکوز کرتا ہے، جنھوں نے ایک ہنستے بستے شہر میں موت کا ایسا بھیانک اور سفاک کھیل کھیلا کہ لاشوں کے انبار لگا ڈالے۔ اس ناول میں ہان کانگ نے بڑی مہارت سے اس صورتحال کا جائزہ لیا ہے کہ کس طرح انفرادی صدمات اجتماعی کرب میں تحلیل ہوکر ایک معاشرے کی نفسیات و یاداشت پر اپنا گہرا اثر چھوڑتے ہوئے جبر کی ایک ایسی تاریخ رقم کرجاتے ہیں، جنھیں وہ قومیں چاہ کر بھی اپنے ماضی سے مٹا نہیں پاتیں۔

ناول ''انسانی اعمال'' کی یہ کہانی ایک پندرہ سالہ لڑکے ڈونگ ہو کے گرد گھومتی ہے، جو اپنے دوست جیونگ ڈے اور اس کی بہن جیونگ می کو 1980 کی گوانگجو بغاوت کے پرتشدد دنوں میں کھو بیٹھتا ہے۔ پہلے جیونگ ڈے کی بہن غائب ہوتی ہے، جسے گوانگجو بغاوت کے ابتدائی دنوں میں ہی ریاستی تشدد کے ابتدائی دور میں بڑی بے دردی سے مار ڈالا جاتا ہے۔ تب چھوٹا بھائی جیونگ ڈے اپنے دوست ڈونگ ہو کے ساتھ اپنی بہن کی تلاش کو نکلتا ہے اور خود ریاستی جبر کا شکار ہوکر مارا جاتا ہے، اس کی لاش کو کچرے کے ٹرک میں اور بہت سے مظاہرین کی لاشوں کے ساتھ لاد کر اجتماعی قبر میں بڑی بے دردی کے ساتھ پھینک کر دفن کردیا جاتا ہے۔

دوسری طرف ڈونگ ہو ہے، جو اپنے دوست کی لاش کو ڈھونڈتے ہوئے ہر اس مردہ خانے پر جاتا ہے جہاں نئی پرانی لاشیں لائی جاتی ہیں۔ اس دوران وہ ایسے کئی لوگوں سے ملتا ہے جو مسخ ہوتی لاشوں کو سنبھالتے ہیں، ان کی حفاظت کرتے ہیں اور ان کے لواحقین کو ان تک پہنچنے اور شناخت کے اذیت ناک مراحل سے گزرنے میں مدد دیتے ہوئے ان کے کفن دفن کا بندوبست کرتے ہیں۔ جابر ریاست کے اس اجتماعی تشدد، ظلم اور بربریت کے مظاہروں پر انسانیت خون کے آنسو روتی ہے۔

اور پھر وہ وقت آتا ہے جب لاشوں کو سنبھالنے اور ان کی حفاظت کرنے والا یہ لڑکا، ڈونگ ہو اپنے چند مسلح ساتھیوں کے ہمراہ عمارت میں موجود بچوں کی جان بچانے کی غرض سے ہتھیار ڈال کر خود کو فوجیوں کے حوالے کر دیتے ہیں، محض اپنی معصوم سوچ اور کھرے دلوں کی بناء پر وہ یقین رکھتے ہیں کہ یوں ہتھیار ڈال دینے سے وہ کئی معصوم زندگیاں بچا پائیں گے مگر افسوس کہ ریاستی پرتشدد عناصر وہیں ان سب کو بے دردی سے مار ڈالتے ہیں۔

ہان کانگ نے تشدد اور جبر کی اس داستان کو بڑے حساس انداز میں قلم بند کیا ہے۔ انھوں نے اس ناول کی تخلیق سے قبل گوانگجو کے اس تاریخی سانحے اور ڈونگ ہو کی ذاتی زندگی کے بارے میں مفصل معلومات جمع کیں، پھر جب انھوں نے ڈونگ ہو کے بھائی سے یہ سب لکھنے کی اجازت مانگی تو اس نے فقط اتنا کہا کہ: ''آپ کو یہ سب لکھنے کی اجازت ہے مگر شرط یہ ہے کہ آپ اسے درست طور پر لکھیں۔ براہِ کرم اپنی کہانی یوں لکھیں کہ کوئی میرے بھائی کی یاد کو دوبارہ پامال نہ کرسکے۔''

ناول پڑھتے ہوئے بار ہا یہی محسوس ہوتا ہے جیسے ہان کانگ نے ڈونگ ہو پر ہونے والے جسمانی، ذہنی اور نفسیاتی جبر کو اپنے دل پر محسوس کرتے ہوئے اس ناول میں رقم کیا۔ یوں جیسے اپنی کہانی ڈونگ ہو نے ہان کانگ کا ہاتھ پکڑ کر خود لکھوائی ہو۔ وہ ناول کے اختتام میں اس کی قبر دیکھ کر محسوس کرتی ہیں جیسے:

''پتلے سے گلے والا لڑکا، ہلکے گرم کپڑوں میں، برف سے ڈھکی اس پگڈنڈی پر چل رہا ہے، جو قبروں کے درمیان سے گزرتی ہے اور میں اس کے پیچھے پیچھے چل رہی ہوں۔ شہر کے وسط میں برف پگھل چکی ہے، لیکن یہاں ابھی بھی موجود ہے۔ لڑکا ایک جمے ہوئے برف کے ٹیلے پر قدم رکھتا ہے، جس سے اس کے ٹریک سوٹ کے پائنچے بھیگ جاتے ہیں۔ سردی سے چونکتے ہوئے وہ میری طرف پیچھے مڑ کر دیکھتا ہے۔ مسکراتا ہے اور اس کی مسکراہٹ اس کی آنکھوں تک پھیل جاتی ہے۔''

اس ناول میں گوانگجو کی تاریخ کے وہ حصے نہایت دلگداز ہیں جہاں ڈونگ ہو کے دوست جیونگ ڈے کی روح جب خود کو مردہ لوگوں کے انبار میں دبا پاتی ہے تو اپنی مسخ شدہ لاش پر تڑپ اٹھتی ہے۔ وہ اپنے جسم سے جدا ہوکر بھی اس کے ساتھ جڑی رہتی ہے اور اس تمام اذیت کو خود پر محسوس کرتی ہے۔ احساس کی اذیت میں وہ اکیلی نہیں بلکہ وہ تمام مضطرب و بے چین روحیں بھی اس کے ساتھ شامل ہیں، جنھیں بے دردی سے زندگی سے محروم کردیا گیا تھا۔ ذرا اس ننھے لڑکے جیونگ ڈے کی روح کی نظر اس ہولناک منظر کو ملاحظہ کیجیے:

''ہر بار جب وہ آتے بھوسے کی بوری سے ڈھکے ہوئے جسموں کی تعداد میں اضافہ ہو جاتا۔ وہ جسم جن کی کھوپڑیاں پچکی ہوئی ہوتیں اور کندھے اکھڑے ہوئے ہوتے، جیسے انھیں گولی سے نہیں بلکہ کسی بھاری چیز سے مارا گیا ہو، اور کبھی کبھار ایسے جسم بھی نظر آتے جو نسبتاً سلامت تھے، صاف ستھرے، اسپتال کے لباس میں ملبوس، جن پر مرہم پٹی بندھی ہوئی ہوتی۔''

ناول میں جیونگ ڈے کی روح کی خود کلامی جہاں ناول کے کئی حصوں کو ایک دوسرے سے مربوط کرتی ہے، وہیں درد کے اس پیرائے کو کھول کر قاری کے سامنے رکھ دیتی ہے جہاں اپنے وطن کے محافظ جب اپنی عوام کی جان کُنی پر اتر آئیں تو قتل وغارت کا ایسا بازار گرم کرتے ہیں

صحت سے بڑھ کر کچھ نہیں

قارئین! گزشتہ دو روز سے ایک خبر ملک کے ہر میڈیا پلیٹ فارم پہ زیر گردش ہے اور یہ محض خبر ہی نہیں بلکہ ایک سانحہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ ملک کے نامور

انٹرنیشنل کبڈی پلیئر نوید پہلوان نے اپنی بیٹی کی سالگرہ کی تقریب کیلئے مقامی فوڈ پوائنٹ سے کھانا اور کیک منگوایا تھا۔ کھانا کھانے کے کچھ دیر بعد نوید پہلوان اور بچوں کی طبیعت خراب ہوگئی۔ جنہیں ہسپتال داخل کروایا گیا اور فوری طبی امداد دی گئی لیکن زہر خونی اپنا کام کرچکی تھی۔ پہلے نوید پہلوان کی بیٹی نور فاطمہ اور پھر دوسری بیٹی جنت فاطمہ انتقال کرگئیں جس سے علاقہ بھر کی فضا شدید سوگ کی زد میں آگئی۔ پھر خبر آئی کہ ان کا آٹھ سالہ بیٹا حیدر بھی دم توڑ گیا۔ اپنی آنکھوں کے سامنے اپنے تین کمسن بچوں کو موت کے منہ میں جاتے دیکھنا بڑے دل گردے کا کام ہے۔

لیکن یہ صدمہ نوید پہلوان کے مقدر میں لکھا گیا تھا۔ سو تقدیر کا فیصلہ اٹل ٹھہرا۔ نیشنل میڈیا، پرنٹ میڈیا اور سوشل میڈیا پہ اس سانحے پہ درد آمیز خبروں اور تجزیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ توقع کے عین مطابق مقامی پولیس نے متعدد فوڈ پوائنٹس کے مالکان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

اطلاعات یہ ہیں کہ متاثرہ خاندان کی تین خواتین اور ایک مرد اب بھی اسپتال میں زیر علاج ہیں اور محکمہ فوڈ کنٹرول کے افسران و اہلکاران میدان عمل میں آچکے ہیں۔ قارئین! ہم کسی جانی نقصان کے بعد ہی حرکت میں کیوں آتے ہیں؟ پہلے ہی اپنے فرائض کیوں ادا نہیں کرتے۔ کیا ہم سانحوں کے منتظر رہتے ہیں؟ کتنے افسوس کی بات ہے کتنے دکھ کا عالم ہے کہ ابھی سانحہ سوات کا غم تازہ تھا کہ سانحہ ایمن آباد رونما ہوگیا۔ قارئین یہ صرف ایک سانحہ نہیں بلکہ ہمارے سماجی و خاندانی نظام کی بکھری ہوئی دھجیوں کی باقیات ہیں۔ پچھلے تین برسوں کے دوران گوجرانوالہ اور اس کے مضافاتی علاقوں میں فوڈ بزنس نے بہت تیزی



سے پر پھیلائے۔ قدم قدم پہ برگر، پیزا اور شوارما کی دکانوں نے گھریلو پکوان کا بیڑہ غرق کرکہ رکھ دیا۔ مثال کے طور پہ آج گھر میں ٹنڈے، کدو، گوبھی یا کوئی بھی سبزی بنی تو ہم نہیں کھائیں گے فوری طور برگر، شوارما یا پیزا سے اپنے زبان کے چسکے کو تسکین فراہم کریں گے کیونکہ ہم ویسے بھی شوقین مزاج قوم واقع ہوئے ہیں لہذا ہم نے آئے روز قائم ہوتے ان فوڈ پوائنٹس کو خوش آمدید کہا اور گھر کے بنے کھانوں کو رد کرنا شروع کردیا۔ وقت کی بچت اور کچن کی گرمی کا بہانہ ہمارے کام آیا اور ہم نے آؤننگ اور ہوٹلنگ کو ترجیح دینا شروع کردیا۔ قارئین ہر شوق بھی ایک حد تک اچھا لگتا ہے اور اگر حد سے تجاوز کر جائے تو یہ شوق نہیں رہتا بلکہ کمزوری بن جاتا ہے جو ہمارے نفس پہ حاوی رہتا ہے۔

آپ یقین کریں کہ اس وقت گوجرانوالہ فوڈ بزنس میں بہت آگے ہے لیکن کیا ان فوڈ پوائنٹس کا معیار قابل اطمینان ہے؟ کیا فوڈ اتھارٹی کا محکمہ روزانہ کی بنیاد پہ ان پوائنٹس کی کوالٹی پہ نگاہ رکھ سکتے ہیں؟ یقینی طور پہ نہیں؛ کیونکہ ان فوڈ پوائنٹس کا دائرہ کار اب شاہراہوں سے نکل کر بازاروں اور گلی کوچوں تک پھیل چکا ہے جہاں دکاندار کم ترین لاگت میں زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کیلئے سرگرم ہیں۔ اپنی آئٹمز کو ذائقہ دار بنانے کیلئے مضر صحت فوڈ کیمیکلز اور ٹیسٹنگ پاوڈر استعمال کرتے ہیں؟ جن کی خوشبو ہر راہگیر کی بھوک میں اضافہ کرتی ہے۔ کیا ہم نہیں جانتے کہ شوارما کی تیاری میں کیسا گوشت استعمال کیا جاتا ہے؟ قارئین، ان فاسٹ فوڈز کے بے دریغ استعمال سے ہماری نوجوان نسل کی جسمانی و اعصابی صحت پہ خطرناک اثرات مرتب ہورہے ہیں لیکن متعلقہ ارباب اختیار پراسرار طور پر خاموش ہیں۔ سن 2000 سے قبل ان اسراف بھری عیاشیوں کا کوئی تصور نہ تھا بلکہ کسی بھی خوشی سے لطف اندوز ہونے کیلئے مائیں گھروں میں اضافی پکوان تیار کرتی تھیں جسے بڑے شوق سے کھایا جاتا تھا ۔لیکن اکیسویں صدی میں داخل ہوتے ہی ہم نے پرانی اقدار پہ تالہ بندی کردی اور نئے زمانے کے ساتھ دوڑتے دوڑتے ہم حال سے بے حال ہوچکے ہیں۔ ان فوڈ پوائنٹس کا معیار قابل اطمینان ہے؟ کیا فوڈ اتھارٹی کا محکمہ روزانہ کی بنیاد پہ ان پوائنٹس کی کوالٹی پہ نگاہ رکھ سکتے ہیں؟ یقینی طور پہ نہیں؛ کیونکہ ان فوڈ پوائنٹس کا دائرہ کار اب شاہراہوں سے نکل کر بازاروں اور گلی کوچوں تک پھیل چکا ہے " کوا چلا جب ہنس کی چال اپنی بھی بھول گیا" یہ محاورہ ہم پہ بالکل فٹ بیٹھتا ہے۔ جس کی مثال یہ ہے کہ مہمان آگئے تو کیا ہوا؟ ابھی آن لائن آرڈر کریں اور کسی بھی فوڈ کمپنی کا کھانا آپ کی دہلیز پہ پہنچ جاتا ہے۔ ہمارا شہر گوجرانوالہ جو کبھی صنعتی شہر کہلاتا تھا اب فوڈ انڈسٹری کا گڑھ بنتا جارہا ہے۔ جس کا معیار اور حفظان صحت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ہمارا مشن ہے وقت بچائیں اور فوڈ انڈسٹری والوں کا مشن ہیں مال کمائیں۔

دوستو! ابھی بھی وقت ہے کہ ہم اپنے اصل کی طرف لوٹ آئیں۔ اس سراب بھری جدوجہد سے ہمیں کوئی فائدہ حاصل نہیں ہو گا۔ آئیں سب ملکر ان بدیسی کھانوں کا بائیکاٹ کریں اور اپنی روائتی خوراک کی طرف پلٹ جائیں۔ ورنہ ہم مسلسل کسی نہ کسی سانحے کا شکار ہوتے رہیں گے۔ فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے کیونکہ صحت سے بڑھ کر کچھ نہیں ہوتا۔

قانونی پیچیدگیوں

تحریر؛ الیاس گجر

سپریم کورٹ نے مخصوص نشستوں کے معاملہ پر نظر ثانی کی اپیل میں گزشتہ سال جولائی میں سپریم کورٹ کے 13 رکنی بنچ کے اکثریتی فیصلہ کو مسترد کرکے، اسی کیس میں پشاور ہائی کورٹ کا فیصلہ بحال کردیا ہے۔ جس کے تحت خواتین اور اقلیتوں کی مخصوص نشستیں تحریک انصاف یا سنی اتحاد کونسل کو نہیں دی جاسکتیں۔ اس مقدمہ میں قانونی موشگافیوں سے قطع نظر یہ فیصلہ سیاسی بداعتمادی وعدم استحکام میں اضافہ کرے گا۔

آئین کے مطابق انتخابات کے بعد اسمبلیوں میں اقلیتوں کی نمائندگی کے لیے مخصوص نشستیں تقسیم کی جاتی ہیں۔ یہ مقررہ سیٹیں ہر اسمبلی میں سیاسی پارٹیوں کی نمائندگی کے مطابق تفویض ہوتی ہیں۔ تاہم فروری 2024 کے انتخابات کے بعد ان نشستوں کے حوالے سے تنازعہ شروع ہوا تھا۔ الیکشن کمیشن نے تحریک انصاف کو 'بیٹ' کا انتخابی نشان دینے سے انکار کر دیا تھا کیوں کہ الیکشن کمیشن کا موقف تھا کہ پارٹی کے انٹرا پارٹی انتخابات قابل قبول نہیں تھے۔ سپریم کورٹ نے اس فیصلہ کی توثیق کی تھی جس کے بعد تحریک انصاف کے امیدواروں نے درجنوں مختلف نشانات کے تحت انتخاب میں حصہ لیا لیکن منظم مہم جوئی اور عوامی رابطہ کے نتیجہ میں وہ کثیر تعداد میں سیٹیں جیتنے میں کامیاب ہوگئی۔

تاہم تحریک انصاف کے بینر تلے منتخب ہونے والے ان امیدواروں کو 'آزاد' تصور کیا گیا۔ آزاد ارکان چونکہ کسی سیاسی پارٹی کا گروپ کا حصہ نہیں ہوتے، اس لیے انہیں مخصوص نشستوں میں حصہ نہیں ملتا۔ البتہ اگر کوئی آزاد رکن نتیجے کا اعلان ہونے کے تین دن کے اندر کسی سیاسی پارٹی میں شامل ہوجائے تو ان کی طاقت اس سیاسی پارٹی کی طاقت سمجھتے ہوئے انہیں مخصوص نشستیں دے دی جاتی ہیں۔ تحریک انصاف نے مخصوص نشستوں میں حصہ لینے اور اپنی پارلیمانی حیثیت مستحکم کرنے کے لیے سنی اتحاد کونسل نامی غیر معروف سیاسی پارٹی میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا اور اپنے تمام ارکان کو اس پارٹی میں شامل ہونے کی ہدایت کردی۔ اس کے بعد سنی اتحاد کونسل کی طرف سے مخصوص نشستیں حاصل کرنے کی کوشش کی گئی۔ الیکشن کمیشن کے اکثریتی ارکان نے البتہ تین دن کی مدت کے بعد کیے گئے اس فیصلہ کو ماننے سے انکار کردیا اور مخصوص نشستیں مسلم لیگ (ن)، پیپلز پارٹی و دیگر جماعتوں کو دے دی گئیں۔ اس فیصلہ کو پہلے پشاور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا گیا لیکن مئی 2024 میں پشاور ہائی کورٹ سے یہ اپیل مسترد ہوگئی تو اس کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل دائر کی گئی۔

سپریم کورٹ کے 13 رکنی بنچ نے 12 جولائی 2024 کو آٹھ پانچ کی اکثریت سے مخصوص نشستوں کی تقسیم پر الیکشن کمیشن کے فیصلہ کو ناجائز و غیر قانونی قرار دیتے ہوئے ان سیٹوں پر نامزد کیے ہوئے ارکان کو ڈی نوٹیفائی کرنے کا حکم دیتے ہوئے یہ سیٹیں تحریک انصاف کو دینے کا حکم دیا۔ اکثریتی ججوں کا کہنا تھا کہ انتخابات میں تحریک انصاف کے امیدواروں نے کامیابی حاصل کی ہے، اس لیے یہ سیٹیں سنی اتحاد کونسل کو نہیں مل سکتیں بلکہ تحریک انصاف کو دی جائیں۔ تنازعہ کی بنیاد یہ حقیقت بنی کہ اس معاملہ میں تحریک انصاف درخواست گزار ہی نہیں تھی لیکن اکثریتی ججوں نے پارٹی کو 'گھر سے بلا کر' اضافی سیٹوں کا تحفہ عطا کر دیا۔ اس بارے میں قانون دان منقسم تھے اور اسے آئین کی بجائے سیاسی فیصلہ قرار دیا گیا۔ سپریم کورٹ کے اکثریتی فیصلہ میں اگر سنی اتحاد ہی کو سیٹوں کا مستحق مان لیا جاتا تو شاید یہ معاملہ زیادہ پیچیدہ نہ ہوتا۔ البتہ اس فیصلہ کے سیاسی تاثر کی وجہ سے اس پر اختلافات سامنے آنے لگے۔ الیکشن کمیشن نے مخصوص سیٹوں پر نامزد کیے ہوئے ارکان کو ڈی نوٹیفائی تو کر دیا لیکن سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق تحریک انصاف کو سیٹیں دینے کی بجائے اس فیصلہ کے سقم تلاش کرنے شروع کردیے اور اس پر نظر ثانی کی اپیل دائر کی گئی۔ ایسی ہی اپیلیں دیگر بعض متاثرہ ارکان کے علاوہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے بھی دائر کیں۔ کیوں کہ یہ پارٹیاں یک بیک اضافی نشستوں سے محروم ہو



گئی تھیں۔ حالانکہ سیاسی طور سے انہیں اپنی نمائندہ حیثیت کے مطابق ہی مخصوص سیٹیں لینے پر اکتفا کرنا چاہیے تھا۔ سپریم کورٹ کے کسی فیصلے پر اختلاف سے قطع نظر ہر ادارہ اسے ماننے کا پابند ہوتا ہے۔ لیکن قومی اسمبلی کے اسپیکر ایاز صادق نے بھی اسے منظور نہیں کیا اور الیکشن کمیشن نے بھی سپریم کورٹ کی ہدایت کے مطابق مخصوص سیٹیں تحریک انصاف کو نہیں دیں۔ اس طرز عمل سے ملک میں قانون کی بالادستی اور عدالتی احترام کا اصول متاثر ہوا۔

26 ویں آئینی ترمیم کے بعد اس معاملہ میں نظر ثانی کی تمام درخواستیں 13 رکنی آئینی بنچ کے سپرد کردی گئیں۔ اب اسی بنچ نے اپنی نامکمل حیثیت میں سات تین کی اکثریت سے سپریم کورٹ کے اکثریتی فیصلہ کے مقابلے میں پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے کو درست قرار دیتے ہوئے ایک بار پھر مخصوص سیٹیں تحریک انصاف یا سنی اتحاد کی بجائے قومی اسمبلی کی دیگر جماعتوں میں تقسیم کرنے کا اصول مان لیا ہے۔ اور تحریک انصاف کے ووٹوں سے منتخب ہونے والے 80 ارکان کو آزاد رکن سمجھتے ہوئے مخصوص نشستوں سے محروم کیا گیا ہے۔ تحریک انصاف کی طرف سے مقدمہ کی پیروی کرنے والے حامد خان نے سماعت کے دوران مقدمہ کے قانونی میرٹ پر بات کرنے کی بجائے زیادہ وقت بنچ کی تشکیل اور اس کے دائرہ اختیار پر سوالات اٹھاتے ہوئے ضائع کیا جس کی وجہ سے بنچ میں شامل متعدد ججوں سے سخت الفاظ کا تبادلہ بھی ہوا اور عدالت کا ماحول خراب ہوا۔ تحریک انصاف کی طرف سے مقدمہ کی پیروی کرنے والے حامد خان نے سماعت کے دوران مقدمہ کے قانونی میرٹ پر بات کرنے کی بجائے زیادہ وقت بنچ کی تشکیل اور اس کے دائرہ اختیار پر سوالات اٹھاتے ہوئے ضائع کیا جس کی وجہ سے بنچ میں شامل متعدد ججوں سے سخت الفاظ کا تبادلہ بھی ہوا اور عدالت کا ماحول خراب ہوا۔

البتہ سب سے پہلا تنازعہ تیرہ رکنی آئینی بنچ کے ان دو ججوں کی طرف سے سامنے آیا جو سپریم کورٹ کے اس 13 رکنی بنچ کا بھی حصہ تھے جس نے گزشتہ سال 12 جولائی کو مخصوص سیٹیں تحریک انصاف کو دینے کا حکم دیا تھا۔ جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس عقیل عباسی نے پہلی سماعت میں نظر ثانی کی اپیلوں کو ناقابل سماعت قرار دیا اور کہا کہ چونکہ وہ پہلے فیصلہ دے چکے ہیں، اس لیے وہ سماعت کا حصہ نہیں بنیں گے۔ آئینی بنچ کے سربراہ جسٹس امین الدین نے ان کا اعتراض نوٹ کرلیا اور 11 ججوں نے سماعت جاری رکھی۔ ان دو ججوں نے بنچ سے باقاعدہ علیحدگی اختیار نہیں کی تھی بلکہ سماعت میں شامل ہونے سے انکار کیا تھا کیوں کہ وہ پہلے ہی اپنی رائے دے چکے تھے۔ حالانکہ طریقہ کار کے مطابق نظر ثانی کی اپیل کا مقصد ہی یہ ہوتا ہے کہ متعلقہ جج حضرات نئے شواہد یا دلائل کی روشنی میں اگر اپنی رائے تبدیل کرنا چاہیں تو اس کا امکان موجود رہے اور درخواست دہندہ کو اس کا فائدہ ہو۔ کسی جج کی طرف سے نظر ثانی پر غور سے یہ کہہ کر انکار کہ وہ تو رائے دے چکا ہے، اس تاثر کو قوی کرتا ہے کہ قانونی رائے کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا جارہا تھا۔ گزشتہ روز کی سماعت پر حامد خان نے 26 ویں آئینی ترمیم کے بعد شامل ہونے والے ججوں کی موجودگی پر اعتراض کیا جس پر عدالت عظمیٰ پر عوامی اعتماد بحال رکھنے کے لیے جسٹس صلاح الدین پنہور نے سماعت سے معذرت کرلی اور خود کو الگ کرلیا۔ 10 رکنی بنچ نے سات تین کی اکثریت سے نظر ثانی کی تمام اپیلیں منظور کرلیں۔

تحریک انصاف نے اسے 'آئینی وعدالتی روایات اور انصاف کا جنازہ' قرار دیا۔ پارٹی کے لیڈروں نے اس فیصلہ کو سنگین ناانصافی سے تعبیر کیا ہے۔

انٹرنیشنل



برلن: جرمن حکومت کی کابینہ کے ہفتہ وار اجلاس ہو رہا ہے



اسکاٹ لینڈ: کرک کالڈی وار میموریل کی صد سالہ تقریب کے موقع پر کنگ چارلس III اور ملکہ کیملا کی جانب سے ایک یادگاری کیرن کی نقاب کشائی کرنے سے پہلے ایک پریڈ ہو رہی ہے

برطانیہ اور یورپ شدید گرمی کی لپیٹ میں، سال کا گرم ترین دن قرار

لندن (این این آئی) برطانیہ اور یورپ شدید گرمی کی لپیٹ میں رہا۔ برطانیہ کے مختلف شہروں میں درجہ حرارت تقریبا 34 ڈگری ہونے پر سال کا گرم ترین دن قرار دے دیا گیا۔ پرتگال میں درجہ حرارت 46 درجے کو چھو گیا، پیرس میں درجہ حرارت 40 درجے ریکارڈ کیا گیا۔ آئفل ٹاور کو گرمی کی شدت کے باعث اگلے دو دن کے لیے بند کر دیا گیا۔ اسکول پہلے ہی بند ہیں۔ اٹلی میں شدید گرمی کے باعث حکام آوٹ ڈور ورک پر پابندی لگانے پر غور کر رہے ہیں۔ برسلز کے کئی علاقوں میں درجہ حرارت 40 ڈگری تک پہنچ گیا۔

اقوام متحدہ ایلچی عدن پہنچ گئے، یمن میں سیاسی جمود ختم کرنے پر زور

میں یمنی فریقوں کے ساتھ سنجیدہ اور گہرے مذاکرات کا منتظر ہوں، بیان

عدن (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کے خصوصی ایلچی برائے یمن، ہانس گروندبرگ جنوبی شہر عدن پہنچ گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عدن کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر پہنچنے کے بعد دیے گئے اپنے بیان میں اقوام متحدہ کے ایلچی نے ملک میں جاری سیاسی جمود کو ختم کرنے کے لیے جرات مندانہ اور فیصلہ کن اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ وقت تمام فریقوں سے سنجیدہ عملی اقدامات کا تقاضا کرتا ہے تاکہ سیاسی عمل کو بچایا جا سکے اور اسے ایک جامع حل کی طرف لے جایا جا سکے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری ایک ویڈیو پیغام میں گروندبرگ نے کہا اگرچہ علاقائی کشیدگی اور چیلنجوں کے باوجود یمن میں نسبتا سکون ہے، مگر یہ ایک قیمتی موقع ہے جسے سیاسی عمل کو تقویت دینے اور اقتصادی و سیکیورٹی مسائل کو فوری حل کرنے کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے۔ انھوں نے مزید کہا میں یمنی فریقوں کے ساتھ سنجیدہ اور گہرے مذاکرات کا منتظر ہوں، کیونکہ حالات مزید تاخیر کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ ہمیں فوری اور مؤثر فیصلوں کی اشد ضرورت ہے جو یمنی عوام کے لیے ایک محفوظ اور پرامن مستقبل کی امید کو بحال کریں۔ گروندبرگ نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ مرحلے کی پیچیدگیوں کے پیش نظر، مقامی اور بین الاقوامی سطح پر کوششوں کو دوگنا کرنا ناگزیر ہے تاکہ پائے دار حل تک پہنچا جا سکے۔

سلامتی کونسل کی صدارت، تنازعات کا پرامن حل اور علاقائی شراکت داری پاکستان کی ترجیح

کوشش ہوگی ہم تنازعات کے حل کے موجودہ نظام، سلامتی کونسل کے فیصلوں پر عمل میں رکاوٹوں کا جائزہ لیں، پاکستانی مندوب

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے جولائی 2025 کے لیے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدارت سنبھال لی ہے اور اس سلسلے میں پاکستان کی مکل توجہ اب کثیرالجہتی تعاون، تنازعات کے پرامن حل اور علاقائی شراکت داری پر مرکوز ہے۔ میڈیا رپورٹس کے طابق اقوام متحدہ کے نامہ نگاروں کی تنظیم (یو این سی اے) سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کو پریس بریفنگ دیتے ہوئے سلامتی کونسل کے صدر اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندے، سفیر عاصم افتخار احمد نے بتایا کہ یہ پاکستان کا سلامتی کونسل میں آٹھواں دور ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم صدارت کی ذمے داری ایک گہرے احساسِ فرض اور پختہ عزم کے ساتھ سنبھال رہے ہیں۔ ہماری حکمتِ عملی اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد و اصولوں، تنازعات کے پرامن حل، ریاستی خودمختاری، بین الاقوامی قانون کے احترام اور کثیرالجہتی تعاون پر مبنی ہے۔ انہوں نے صحافیوں کو بتایا کہ جولائی کے لیے سلامتی کونسل کی جانب سے منظور کردہ پروگرام آف ورک میں متعدد لازمی بریفنگز اور کھلی بحثیں شامل ہیں جو مختلف علاقائی اور موضوعاتی امور کا احاطہ کریں گی۔ خصوصی تقریبات کا ذکر کرتے ہوئے سفیر عاصم نے بتایا کہ پاکستان صدارت کے دوران 2 نمایاں اجلاس منعقد کرے گا۔ ان میں پہلا اعلی سطح کا کھلا مباحثہ ہوگا جس کا موضوع ہوگا: کثیرالجہتی تعاون اور تنازعات کے پرامن حل کے ذریعے بین الاقوامی امن و سلامتی کا فروغ۔ یہ اجلاس 22 جولائی کو ہوگا جس کی صدارت پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کی جانب سے کونسل کو بریفنگ متوقع ہے، انہوں نے اس اجلاس کی اہمیت واضح کرتے ہوئے کہا کہ آج کے بحران اکثر حل طلب تنازعات، بین الاقوامی ذمہ داریوں کی خلاف ورزی اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے باب ششم میں درج پرامن ذرائع کے غیر مؤثر استعمال کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہماری کوشش ہوگی کہ ہم تنازعات کے حل کے موجودہ نظام کی مؤثریت پر غور کریں، سلامتی کونسل کے فیصلوں پر عملدرآمد میں حائل رکاوٹوں کا جائزہ لیں، سفارت کاری، ثالثی اور تکنیکی معاونت کے فروغ کے طریقے تلاش کریں اور پیکٹ فار دی فیوچر میں کیے گئے وعدوں کو دہراتے ہوئے پیشگی سفارت کاری اور پرامن تنازعاتی حل کے عزم کو مضبوط کریں۔ سفیر پاکستان کا مزید کہنا تھا کہ دوسرا نمایاں اجلاس اقوام متحدہ اور علاقائی و ذیلی علاقائی تنظیموں کے درمیان تعاون، اسلامی تعاون تنظیم پر ہوگا، جو 24 جولائی کو منعقد کیا جائے گا۔ اس اجلاس کی صدارت بھی نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اجلاس اقوام متحدہ کی او آئی سی کے ساتھ شراکت کو اجاگر کرے گا، جو چار براعظموں میں پھیلے 57 رکن ممالک کی نمائندگی کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ او آئی سی نے حالیہ برسوں میں تنازعات کی روک تھام اور ثالثی، انسانی امداد و بحالی، بین المذاہب مکالمہ اور انتہا پسندی کے خلاف اقدامات میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ یہ اجلاس یو این او آئی سی تعلقات کو ادارہ جاتی بنیادوں پر مزید مستحکم کرنے اور مشرق وسطی، شمالی افریقہ، ساحل اور دیگر علاقوں میں امن عمل کی حمایت پر روشنی ڈالے گا۔ سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ پاکستان سلامتی کونسل کے سہ ماہی کھلے مباحثے کی صدارت بھی کرے گا، جس کا موضوع ہوگا: مشرق وسطی کی صورتحال، بشمول مسئلہ فلسطین۔ انہوں نے کہا کہ یہ اجلاس وزارتی سطح پر منعقد ہوگا

جنگ کے بعد ایران کے لیے زیادہ امدادی بجٹ کی ضرورت ہوگی، اقوام متحدہ

امید ہے کہ بین الاقوامی برادری ایران کے لیے زیادہ فنڈز کے ساتھ آگے آئے گی، سینئر عہدیدار

جنیوا (این این آئی) اقوام متحدہ کے ایک بہت سینئر عہدیدار نے کہا ہے کہ انسانی بنیادوں پر امدادی کام کرنے والے اور ترقیاتی امور کر دیکھنے والے اداروں کو جنگ زدہ ایران کے لیے جنگ کے بعد زیادہ بجٹ سے امداد کرنا ہوگی اور یہ بجٹ کا تخمینہ دوگنا بھی ہو سکتا ہے۔ ایران میں اقوام متحدہ کے کوآرڈینیٹر سٹیفن پریزنر نے کہا کہ انہیں امید ہے کہ بین الاقوامی برادری ایران کے لیے زیادہ فنڈز کے ساتھ آگے آئے گی۔ تاکہ جنگ کے بعد کے مسائل سے نمٹا جا سکے۔ جنیوا میں ایک پریس بریفنگ کے دوران سٹیفن پریزنر کا کہنا تھا کہ ہم رواں سال میں ایران کے لیے بجٹ سازی کر رہے ہیں۔ تاہم اس میں نمایاں اضافے کی ضرورت ہوگی۔ تاہم ابھی یہ کہنا قبل از وقت ہوگا کہ ایران کو متعین صورت میں کتنی رقم درکار ہوگی۔ البتہ یہ ضرور کہا جا سکتا ہے کہ ممکنہ طور پر یہ رقم پہلے ملنے والی رقم کے مقابلے میں دوگنا ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا ایران کے لیے ترقیاتی امور اور پروگراموں کے لیے اقوام متحدہ کا پچھلے سال کا بجٹ 75 ملین ڈالر تھا۔ جس میں سے اندازا 50 ملین ڈالر پناہ گزینوں کے لیے تھا۔ جبکہ 25 ملین ڈالر ترقیاتی مقاصد اور پروگراموں کے لیے تھا۔ کہ ممکنہ طور پر یہ رقم پہلے ملنے والی رقم کے مقابلے میں دوگنا ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا ایران کے لیے ترقیاتی امور اور پروگراموں کے لیے اقوام متحدہ کا پچھلے سال کا بجٹ 75 ملین ڈالر تھا۔ جس میں سے اندازا 50 ملین ڈالر پناہ گزینوں کے لیے تھا۔ جبکہ 25 ملین ڈالر ترقیاتی مقاصد اور پروگراموں کے لیے تھا۔ امید ہے کہ بین الاقوامی برادری ایران کے لیے زیادہ فنڈز کے ساتھ آگے آئے گی، سینئر عہدیدار



واشنگٹن، ڈی سی میں یو ایس کیپیٹل میں ایک نیوز کانفرنس کے دوران خطاب کر رہے ہیں



لندن، برطانیہ میں گلڈ ہال میں 'دی افریقہ ڈیبیٹ' کے دوران PlcOando کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ویل بٹو بوگنگو کر رہے ہیں

اوساکا ایکسپو، سعودی عرب پویلین کا ثقافتی تبادلے کے پروگرام کا آغاز

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے ایکسپو آفس نے اعلان کیا ہے کہ سعودی عرب پویلین نے اوساکا۔ کانسائی ایکسپو میں عملے کے لیے منفرد کیریئر اور ذاتی ترقی کے مواقع فراہم کرنے کی غرض سے ثقافتی تبادلے کا پروگرام شروع کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس کا مقصد مملکت کے ثقافتی ورثے اور عالمی اثرات کے اظہار کے لیے نئی راہیں کھولنا ہے۔ سی ای پی پلیسمنٹ کے پہلے مرحلے میں سعودی عرب پویلین ٹیم کے 13 سٹاف ممبران کو پانچ بین الاقوامی پویلینز میں ذمہ داری تفویض کرنا شامل ہے



لاہور بنشتر پارک اسپورٹس کمپلیکس کے پنجاب اسٹیڈیم میں اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام کرکٹ کے سرکیمپ میں کوچ بچوں کو تربیت دے رہے ہیں

بھارت کی میزبانی میں ایشیا کپ نیوٹرل وینیو پر کھیلا جائیگا، بھارتی میڈیا

نئی دہلی (این این آئی) رواں سال ایشیا کپ میں پاک بھارت ٹاکرا کم از کم 2 بار ہونے کا امکان ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایشیا کپ 4 یا 5 ستمبر سے شروع ہو سکتا ہے، اس صورت میں گروپ مرحلے کا پاک بھارت ٹاکرا 7 ستمبر کو دبئی میں ہوگا جبکہ سپر فور کا میچ 14 ستمبر کو ہونے کا امکان ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارت کی میزبانی میں ہونے والا ایشیا کپ نیوٹرل وینیو پر کھیلا جائے گا جس کے لیے متحدہ عرب امارات کو وینیو کے طور پر رکھے جانے کا امکان ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں کھیلا جائے گا جس کا فائنل 21 ستمبر کو کھیلا جائے گا۔ واضح رہے کہ ایشیا کپ پاکستان، بھارت، افغانستان، بنگلادیش، سری لنکا اور یو اے ای کی ٹیمیں کھیلیں گی۔



میلبورن، آسٹریلیا-02 جولائی: McNeilJye سواری کرتے ہوئے

شارجہ میں میانداد کے چھکے نے عامر خان کی شادی کیسے خراب کی؟

ملاقات پر کہا کہ 'جاوید بھائی، آپ نے ٹھیک نہیں کیا! آپ نے میری شادی برباد کردی' عامر خان کی یادیں

نئی دہلی (این این آئی) بالی وڈ کے سپر اسٹار عامر خان نے حال ہی میں انکشاف کیا ہے کہ پاکستان کے سابق لیجنڈری بیٹر جاوید میانداد کے شارجہ میں بھارت کے خلاف لگائے گئے تاریخی چھکے نے ان کی شادی خراب کر دی تھی۔ مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان نے بھارتی ڈیجیٹل پلیٹ فارم کو انٹرویو دیتے ہوئے اپنی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی کے بارے میں کھل کر بات کی۔ جس میں انہوں نے خاص طور پر اپنی پہلی شادی سے متعلق تفصیل سے گفتگو کی۔ عامر خان نے بتایا کہ سن 1986 میں انہوں نے 21 سال کی عمر میں گھر والوں کو بتائے بغیر رینا دتا سے کورٹ میرج کی۔ ہم نے فیصلہ کیا کہ یہ شادی صرف کاغذی ہوگی اور اس بارے میں ہم کسی کو نہیں بتائیں گے اور کچھ سالوں بعد اصل میں شادی کریں گے۔ انہوں نے تفصیل بتائی کہ رینا اور میں نے چھپ کر شادی کرنے کا فیصلہ کیا اور 15 مارچ 1986 کو میں نے شادی کا لیگل نوٹس دیا جو 15 یا 16 اپریل کو میچور ہوا، پھر شاید ہفتہ اتوار آ گیا اس لیے 18 اپریل کو ہماری شادی ہوئی۔ عامر خان نے کہا کہ مجھے یاد ہے، یہ وہی دن تھا جب شارجہ میں پاکستانی کرکٹر جاوید میانداد نے بھارت کے خلاف آخری گیند پر چھکا مارا تھا۔ بالکل اسی دن، ہماری شادی ہوئی۔ مسٹر پرفیکشنسٹ نے بتایا کہ ہوا یوں کہ کورٹ میرج کے بعد میں اور رینا اپنے، اپنے گھر چلے گئے، ہم دونوں پریشان تھے کہ گھر والے پوچھیں گے کہاں گئے تھے اور ہم کیا جواب دیں گے، لیکن کسی نے کچھ نہیں پوچھا کیوں کہ دونوں کے گھر والے پاک بھارت میچ دیکھنے میں لگے ہوئے تھے۔ عامر خان نے بتایا کہ شادی کرنے کے بعد میں گھر آیا، کسی نے دھیان بھی نہیں دیا کہ میں آیا ہوں، میں بھی جا کر میچ دیکھنے بیٹھ گیا، اور ویسے بھی ہم وہ میچ جیت رہے تھے، تو مجھے بڑی خوشی ہو رہی تھی، شادی کا دن ہے اور ہم میچ بھی جیت رہے ہیں، میں نے سوچا کہ آج ہم پاکستان کو بھی ہرا دیں تو مزا آ جائے گا۔

پاک بھارت ہاکی مقابلے، کرکٹ کی طرح ہائبرڈ ماڈل کے حق میں آوازیں بلند

اگر دونوں ٹیمیں ایک دوسرے کے ملک میں کھیلنے کیلیے تیار نہ ہوں تو نیوٹرل وینیو پر میچز منعقد کیے جائیں، ہیڈ کوچ کی تجویز

لاہور (این این آئی) پاک بھارت ہاکی مقابلوں میں بھی کرکٹ کی طرح ہائبرڈ ماڈل کے حق میں آوازیں بلند ہونے لگیں، چیف کوچ طاہر زمان نے تجویز دی کہ اگر دونوں روایتی حریف ٹیمیں ایک دوسرے کے ملک میں کھیلنے کے لیے تیار نہ ہوں تو نیوٹرل وینیو پر میچز منعقد کیے جائیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اور بھارتی کرکٹ بورڈ میں رواں برس ایک معاہدہ ہوا جس کے تحت دونوں ٹیمیں اپنے ممالک میں شیڈول عالمی ایونٹس کے میچز کسی تیسرے وینیو پر کھیلیں گی، اب ہاکی میں بھی ایسے ہی کنٹریکٹ کیلیے آوازیں بلند ہونے لگی ہیں۔ پاکستانی ٹیم کے چیف کوچ طاہر زمان نے اس حوالے سے کہا کہ پاکستان ٹیم کو بھارت میں شیڈول ہاکی ایشیا کپ میں حصہ لینا ہے مگر وہاں حکومتی منظوری نہ ملنے کے باعث معاملات تعطل کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں قوانین کو بخوبی جانتا ہوں، ان کی روشنی میں یہ فیصلے پاکستان یا بھارت کی مرضی سے نہیں بلکہ ایف آئی ایچ یا ایشین ہاکی فیڈریشن قواعد و ضوابط کے مطابق ہوتے ہیں، ہماری تیاری بھرپور ہے، سرحد پار جانے کا حتمی فیصلہ حکومت کی ہدایات کے مطابق کیا جائے گا، اس مسئلے کا مستقل حل کرکٹ کی طرح ہائبرڈ ماڈل اپنانا ہے، عالمی ایونٹس میں دونوں ٹیموں کو اگر ایک دوسرے کے ملک جانے میں مسئلہ ہے تو نیوٹرل وینیو پر کھیلیں۔ چیف کوچ نے کہا کہ ایف آئی ایچ نیشنز کپ کے فائنل تک ٹیم کی رسائی بڑی کامیابی ہے، اس نے نہ صرف کھلاڑیوں کے حوصلے بلند کیے بلکہ شائقین کو ایک بار پھر ہاکی سے جوڑ دیا، فائنل کے آخنازی میں 2 گول ہونے سے ٹیم پر دباؤ بڑھ گیا، اس کا اثر کھلاڑیوں کی باڈی لینگویج میں بھی واضح طور پر دکھائی دیا، مقابلے کے دوران ٹیم میں وہ توانائی اور جذبہ نظر نہیں آیا جو ایسے مرحلے کے لیے درکار ہوتا ہے، یہ میچ ہمارے لیے ایک سبق ہے، ہم نے اس سے سیکھا کہ ایسے مواقع پر ذہنی طور پر زیادہ تیار اور پختہ ہونا ضروری ہے۔ مالی حالات اور ڈیلی الاؤنسز کی عدم فراہمی جیسے سوال پر ہیڈ کوچ نے کہا اگرچہ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ کھلاڑیوں کو مکمل مالی سپورٹ حاصل نہیں، مگر اس کے باوجود وہ غیر معمولی جذبے کے ساتھ ہاکی کھیل رہے ہیں، جب تک ہم پلیئرز کو وہ سہولیات فراہم نہیں کرتے جن کے وہ مستحق ہیں ہم ان سے مستقل عالمی معیار کی کارکردگی کی توقع نہیں رکھ سکتے۔ ہیڈ کوچ نے کہا کہ ٹیم نے اپنی کارکردگی سے حکام کی توجہ حاصل کر لی اور اب ان مسائل کو حل کرنے کا وقت ہے

دورہ بنگلادیش سے قبل قومی ٹیم فٹنس مسائل کا شکار

لاہور (این این آئی) دورہ بنگلادیش سے قبل قومی ٹیم کو فٹنس مسائل نے گھیر لیا۔ نائب کپتان شاداب خان، فاسٹ بولرز نسیم شاہ اور وسیم جونیئر مکمل فٹ نہیں ہیں۔ ذرائع کے مطابق قومی ٹیم میں لاہور قلندرز کے بائیں ہاتھ کے تیز بولر سلمان مرزا اور لیفٹ آرم اسپنر سفیان مقیم کی شمولیت کا امکان ہے۔ دورہ بنگلادیش کے لیے قومی کرکٹ ٹیم کا کیمپ 8 جولائی سے نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں لگے گا۔ قومی ٹیم 16 جولائی کو بنگلادیش روانہ ہوگی، دونوں ٹیموں کے درمیان 3 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز 20 جولائی سے شروع ہوگی۔

ارجنٹائن میں فٹبال کلب کے شائقین کے فلسطین کے حق میں نعرے، اسرائیل کا علامتی جنازہ نکال دیا

میچ کے دوران ڈرون کے ذریعے فلسطین کا پرچم بھی لہرایا گیا' آل بوائز کے شائقین اسرائیل کے خلاف نعرے لگائے

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹائن کے دارالحکومت بیونس آئرس میں نیشنل بی فرسٹ ڈویژن کے میچ سے قبل آل بوائز کے شائقین نے دوسرے کلب اٹلانٹا کے خلاف میچ سے قبل فری فلسطین کے نعرے لگائے، فلسطین اور ایران کے جھنڈے تھامے نظر آئے اور اسی دوران اسرائیل کا علامتی جنازہ بھی نکالا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ارجنٹینا فٹ بال ایسوسی ایشن (اے ایف اے) نے آل بوائز کے شائقین کے اس اقدام کی مذمت بھی کی ہے اور کہا گیا ہے کہ اس کی تحقیقات بھی کردی۔ ارجنٹائن کے کلب کے شائقین کے منفرد احتجاج کے حوالے سے سوشل میڈیا پر ویڈیو بھی وائرل ہوئیں، جس میں متعدد لوگوں کو فٹ بال کلب اٹلانٹا اور اسرائیلی پرچم میں لپٹا تابوت اٹھائے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ رپورٹس میں بتایا گیا کہ فٹ بال کلب اٹلانٹا ارجنٹائن میں ایسے علاقے میں واقع ہے جہاں یہودی آبادی کی اکثریت ہے اور اسی لیے آل بوائز کے شائقین نے بظاہر انہیں اسرائیل کے حامی قرار دیا اور اسرائیل کے خلاف نعرے بازی کی۔ میچ کے دوران ڈرون کے ذریعے فلسطین کا پرچم بھی میدان کے اوپر لہرایا گیا اور اسی دوران آل بوائز کے شائقین اسرائیل کے خلاف نعرے بازی کی، اسی طرح پمفلٹس بھی تقسیم کیے گئے، جن میں درج تھا اسرائیل خاک ہو اور ایک بینر بھی آویزاں کیا گیا تھا اور اس میں نسل کشی کی ذمہ دار ریاست اسرائیل مردہ باد لکھا گیا تھا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان میچ بغیر کسی گول کے برابری پر ختم ہوا۔ بعد ازاں ارجنٹائن کی سیکیورٹی کی وزارت نے بیان میں کہا کہ توڑ پھوڑ اور نفرت انگیزی کے الزام میں شکایت درج کرادی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ارجنٹینا میں یہودی کمیونٹی ایک اندازے کے مطابق 3 لاکھ افراد پر مشتمل ہے

بلاوائیو ٹیسٹ' جنوبی افریقا نے زمبابوے کو 328 رنز سے ہرا دیا

بلاوائیو (این این آئی) پہلے ٹیسٹ میں جنوبی افریقا نے زمبابوے کو 328 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے دی۔ بلاوائیو میں 28 جون سے شروع میچ کے چوتھے روز زمبابوے کی ٹیم اپنی دوسری اننگز میں 208 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ جنوبی افریقا نے زمبابوے کو جیت کیلئے 537 رنز کا ہدف دیا تھا۔ جنوبی افریقا نے اپنی پہلی اننگز 418/9 پر ڈکلیئر کی تھی جبکہ دوسری اننگز میں افریقی ٹیم 369 رنز پر آو?ٹ ہوگئی تھی، زمبابوے کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 251 اور دوسری اننگز میں 208 رنز بنا سکی۔ پہلی اننگز میں 153 رنز بنانے والے جنوبی افریقا کے لوہان ڈری پریٹوریس کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔



لاہور: نشتر پارک اسپورٹس کمپلیکس کے جمنازیم ہال میں اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام بیڈمنٹن کے سمر کیمپ میں کوچ بچے کو تربیت دے رہے ہیں



زیورخ، سوئٹزرلینڈ میں تربیتی سیشن کے دوران دیکھ رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

یوم عاشور کے موقع پر ساہیوال پولیس کا فول پروف سیکیورٹی پلان تیار

ساہیوال یوم عاشور کے موقع پر امن وامان کی فضا برقرار رکھنے اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ساہیوال پولیس نے سیکیورٹی پلان کو حتمی شکل دے دی ہے



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا اے) یوم عاشور کے موقع پر ساہیوال پولیس کا فول پروف سیکیورٹی پلان تیار۔ساہیوال یوم عاشور کے موقع پر امن وامان کی فضا برقرار رکھنے اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ساہیوال پولیس نے سیکیورٹی پلان کو حتمی شکل دے دی ہے۔ ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رکن خان کی ہدایت پر ضلع بھر میں مجالس اور جلوسوں کے لیے فول پروف حفاظتی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔9محرم الحرام کو ضلع بھر میں کیٹیگری اے کی 11، کیٹیگری بی کی 35 اور کیٹیگری سی کی 46 مجالس اور مجموعی طور پر 92 مجالس منعقد ہوں گی جبکہ کیٹیگری بی کے 5 کیٹیگری بی کے 11 اور کیٹیگری سی کے 7 اور مجموعی طور پر 23 جلوس برآمد ہوں گے۔10محرم الحرام کو کیٹیگری اے کی 1، کیٹیگری بی کی 6 اور کیٹیگری سی کی 4 مجالس جبکہ کیٹیگری اے کے 10، کیٹیگری بی کے 34 اور کیٹیگری سی کے 16 مجمومی طور 60 جلوس برآمد کیے جائیں گے۔تمام مجالس اور جلوسوں کی سیکیورٹی کے لیے ایک جامع اور مربوط حکمت عملی مرتب کی گئی ہے۔ سیکیورٹی ڈیوٹی کے لیے 1ایس پی، 6 گزٹڈ افسران، 200 سے زائد اپر سب آرڈینیٹ، 1050 سے زائد لوئر سب آرڈینیٹ اور لیڈی پولیس اہلکار، 100 سے زائد ایلیٹ فورس کے اہلکار اور 150 سے زائد ٹریفک پولیس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں جو اپنے فرائض احسن انداز میں سرانجام دیں گے۔جلوسوں کے راستوں پر نظری کیمرہ سیکیورٹی حصار تشکیل دیا گیا ہے جبکہ حساس مقامات اور جلوسوں کے اطراف بلند عمارات وچھتوں پر ماہر سنائپرز بھی تعینات کیے گئے ہیں۔شرکا کی چیکنگ کے لیے واک تھرو گیٹس اور میٹل ڈیٹیکٹرز نصب کیے گئے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ سیف سٹی کیمروں کی مدد سے مجالس، جلوس اور عوامی نقل وحرکت پر مکمل نگرانی کو یقینی بنایا گیا ہے۔سادہ لباس میں ملبوس اہلکار بھی حساس مقامات پر تعینات کیے گئے ہیں

چوھدری فرحت کمال ضیاء نے حلیم نان اور ٹھنڈے میٹھے پانی کی سبیل لگائی

درجنوں افراد کو باعزت باوقار طریقے سے کھانا پیش کیا گیا اور درجنوں افراد نے سخت گرمی میں ٹھنڈا پانی پیا



جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر کے معروف قانون دان وسماجی شخصیت چوھدری فرحت کمال ضیاء نے حلیم نان اور ٹھنڈے میٹھے پانی کی سبیل لگائی جہاں سے درجنوں افراد کو باعزت باوقار طریقے سے کھانا پیش کیا گیا اور درجنوں افراد نے سخت گرمی اور حبس کے موسم میں ٹھنڈا میٹھا پانی استعمال کر کے چوھدری فرحت کمال ضیاء اور انکی پوری ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور دعائیں دیں

پی ٹی آئی کی قیادت تمام بحرانوں کی ذمہ دار ہے: امجد نذیر بٹ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے دور اقتدار میں پیدا کئے گئے معاشی بحران کے خاتمہ کی خاطر موجودہ حکومت کو سخت فیصلے کرنا پڑ رہے ہیں (ن) لیگ عوام پر مہنگائی کا بوجھ بڑھانے کے حق میں نہیں حکومتی اقدامات پر تنقید کرنے والی پی ٹی آئی کی قیادت تمام بحرانوں کی ذمہ دار ہے جس نے اپنے دور اقتدار میں ملک کو مسائل کی دلدل میں دھکیلا، (ن) لیگ نے پہلے بھی اپنی سیاست ریاست پر قربان کی اور اب بھی ملک کو دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کی خاطر جدوجہد کر رہی ہے، عوام کو ریلیف کی فراہمی کیلئے ہر شعبہ میں اصلاحات لائی گئی ہیں اور لاتعداد منصوبے شروع کئے گئے ہیں جن سے عوام کا معیار زندگی بلند ہو رہا ہے اداروں اور محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے اور کرپشن ورشوت ستانی کے خاتمہ کی خاطر بھی حکومت سرگرم عمل ہے جس سے کرپشن میں واضح کمی آئی ہے شفافیت کا فروغ حکومت کی بنیادی ترجیح ہے جسے ہر حال میں عملی جامہ پہنایا جائے گا، مفاد پرست ٹولہ عوام کو یرغمال بنا کر ملکی معاشی استحکام کا راستہ روکنا چاہتے ہیں مگر اس کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہونے دی جائے گی باشعور پاکستانی عوام انتشار پسندوں کی سازشوں سے باخوبی آگاہ ہیں اور ان کے کسی بہکاوے میں نہیں آئیں گے، وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں وفاقی اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبہ کا نہ صرف مثالی بجٹ لایا گیا بلکہ عوام پر کسی طرح کا نیا ٹیکس نافذ نہ کر کے عوام دوستی کی نئی مثال رقم کی گئی حکومت عوام کے حالات سے باخوبی آگاہ ہے اور درپیش عوامی مشکلات کے ازالہ کیلئے بھرپور جدوجہد کر رہی ہے ان شاء اللہ حکومتی اقدامات سے عوام کو بھرپور ریلیف حاصل ہوگا۔

صوبے بھر کے 44 میونسپل اداروں میں ''خاتون سہولت ڈیسک'' قائم کر دیے ہیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پنجاب حکومت نے خواتین کی بلدیاتی خدمات تک رسائی کو آسان بنانے اور گورننس میں شمولیت بڑھانے کے لیے صوبے بھر کے 44 میونسپل اداروں میں ××خاتون سہولت ڈیسک××قائم کر دیے ہیں، جن میں 12 میونسپل کارپوریشنز اور 32 میونسپل کمیٹیاں شامل ہیں۔ یہ اقدام پنجاب لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے دسمبر 2024 کے حکم نامے کے تحت عمل میں آیا۔حافظ آباد میں سنگت فاؤنڈیشن کے نمائندے ڈاکٹر نذر حسین نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ سنگت ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن ان مراکز کے عملے کو تربیت فراہم کر رہی ہے، جبکہ جرمن ادارے GIZ کا تعاون بھی حاصل رہا۔ابتدائی پائلٹ منصوبہ 2022 میں شیخوپورہ، منڈی بہاؤالدین، گوجرہ اور کبیر والہ میں شروع ہوا، جس کی کامیابی کے بعد منصوبے کو توسیع دی گئی۔خاتون سہولت ڈیسکوں کے ذریعے خواتین صفائی، پانی، سیوریج، سٹریٹ لائٹس، رجسٹریشن، تجاوزات، عوامی پارکس، مقامی کھیلوں اور دیگر میونسپل مسائل سے متعلق شکایات درج کروا سکتی ہیں، جنہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جاتا ہے۔ان ڈیسکوں کی نگرانی اور مانیٹرنگ کے لیے چوہدری فرمائش علی کو فوکل پرسن نامزد کیا گیا ہے۔

صدر انجمن بہبودی مریضاں سول علامہ اقبال ہسپتال طاہر کپور کی زیر صدارت اجلاس

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال سمیت دیگر عہدیداران کی شرکت



صدر انجمن بہبودی مریضاں علامہ اقبال گورنمنٹ سردار بیگم ہسپتال سیالکوٹ انجمن بہبودی ٹیچنگ ہسپتال سیالکوٹ طاہر مجید کپور کی زیر مریضاں اجلاس میں شریک ہوئے۔واضح رہے کہ کپور فیملی کیجانب سے انسان دوست شخصیت سابقہ صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ طاہر مجید کپور نے ضلع سیالکوٹ کے سب سے بڑے سرکاری ہسپتال میں عرصہ دراز سے ایک بڑی وارڈ کے انتظام وانصرام وانفراسٹرکچر کی بہتری بھی کراتے رہتے ہیں۔

صدارت اجلاس میں ایم ایس سمیت دیگر عہدیداران کی شرکت کے دوران مریضوں کی فلاح وبہبود اور بہتر نگہداشت کیلئے اہم معاملات زیر غور آئے۔گورنمنٹ علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال سیالکوٹ سہیل انجم بٹ، میڈیکل سوشل ویلفیئر آفیسرز، سینئر نائب صدر انجمن بہبودی مریضاں

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا وژن صاف ستھرا پنجاب، کام چور افسران وعملے تے مٹی میں ملا دیا

مرید کے (تحصیل رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا وژن صاف ستھرا پنجاب، کام چور افسران و عملے نے مٹی میں ملا دیا جگہ جگہ گندگی اور کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں سے تعفن پھیلنے لگا شہری بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے عملہ منظر سے غائب گلی محلوں میں گندگی تفصیل کے مطابق صاف ستھرا پنجاب کو چند دن بعد ہی ملازمین کی ہٹ دھرمی کی نظر لگ گئی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا وژن صاف ستھرا پنجاب کو کام چور عملے نے مٹی میں ملا دیا جگہ جگہ گلی محلوں جی ٹی روڈ کے دونوں اطراف سروس روڈز پر گندگی اور کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں سے تعفن پھیلنے سے لوگ طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے گلیوں میں گٹر ابلنے لگے بلدیہ کی جانب سے تجاوزات کی آڑ میں شہریوں کی پراپرٹیز کے آگے گڑھے ڈال دیئے مٹی پرائیویٹ ٹھیکیداروں کو دے دی گڑھوں میں بارشی پانی کھڑا ہونے سے ڈینگی مچھر اور موسمی کیڑے پیدا ہونے لگے شہریوں کا کہنا تھا کہ صاف ستھرا پنجاب حکومت کا بہت اچھا پروجیکٹ ہے لیکن اس میں شفافیت کی ضرورت ہے وزیر اعلیٰ و چیف سیکرٹری پنجاب سیکرٹری بلدیات کو کرپٹ اور کام چور افسران و عملے کے خلاف ایکشن لینا چاہیے تاکہ پروجیکٹ پر اٹھنے والے سوالات کا حل ممکن ہو سکے

حافظ آباد کے کھلاڑی علی حنظلہ جنھیں پاکستان کی انڈر 18 قومی ٹیم کے لئے منتخب

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) نیشنل ہاکی کلب حافظ آباد کے کھلاڑی علی حنظلہ جنھیں پاکستان کی انڈر 18



قومی ٹیم کے لئے منتخب کیا گیا تھا۔وہ گذشتہ روز قومی ہاکی ٹیم کے ہمراہ چین کے شہر دزھاو میں ہونے والے انڈر 18 ایشیا کپ میں شرکت کرنے کے لیے پی آئی اے کے ذریعے اسلام آباد سے چین روانہ ہوگئے، جہاں قومی ہاکی ٹیم پول اے کا اپنا پہلا میچ کل ہانگ کانگ کے خلاف کھیلے گی۔اس قومی ٹیم میں ڈیفنس ہاکی اکیڈمی لاہور کے تین کھلاڑی علی حمزہ، علی حنظلہ اور محمد یاسین شامل ہیں

اوکاڑہ ضلعی انتظامیہ کا عوامی ریلیف کے لیے بڑا اقدام

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ ضلعی انتظامیہ کا عوامی ریلیف کے لیے بڑا اقدام۔ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا ضلع بھر کے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی شارٹیج پر نوٹس۔ضلعی انتظامیہ کی خصوصی کاوشوں سے سرکاری ہسپتالوں کے لیے محکمہ ہیلتھ کی جانب سے 1_5 کروڑ روپے کی ادویات ایک ہی دن میں فراہم کر دی گئیں۔ ادویات سے ڈی ایچ کیو ہسپتال سٹی اوکاڑہ، ساؤتھ سٹی، ٹی ایچ کیو ہسپتال ریناله اور ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ادویات کی شارٹیج دور ہو جائے گی۔اب تمام سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو تمام ادویات مفت میسر ہوں گی۔تمام میڈیکل سپرنٹنڈنٹس کو ہدایت دی گئی ہے کہ ہسپتالوں میں ادویات کی شارٹیج ہرگز نہ ہو۔حکومتی ہدایات کے مطابق صحت عامہ کے لیے بہترین سہولیات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔آئندہ بھی سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی شارٹیج دور کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے۔

شیخ کمیونٹی حقیقی معنوں میں عوام کی خدمت کر رہی ہے: حافظ عمر شیخ

100 یونٹ سے کم استعمال کرنے والے خاندانوں کا بجلی کا بل شیخ کمیونٹی ادا کرے گی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) شیخ کمیونٹی حقیقی معنوں میں عوام کی خدمت کر رہی ہے 100 یونٹ سے کم استعمال کرنے والے خاندانوں کا بجلی کا بل شیخ کمیونٹی ادا کرے گی اس کیلئے برادری کی کوئی شرط نہیں ہوگی پہلے مرحلے میں 10 خاندانوں کے بجلی کے بل کا زمہ لیا گیا ہے اس کے بعد اگلے مرحلے میں تعداد بڑھا دی جائے گی ان خیالات کا اظہار آل پاکستان شیخ کمیونٹی کے مرکزی عہدیداران حافظ عمر شیخ اور سجاد شوکت شیخ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا موجودہ مہنگائی کے دور میں غریب کے لئے بجلی کا بل ادا کرنا ایک خواب بن چکا ہے رنگ نسل ذات بات سے بالاتر ہو کر خدمت کرنا ہی اصل عبادت ہے پہلے مرحلے میں دس گھرانے جن کے سو یونٹ سے کم ہیں ان کا ہر ماہ بل ادا کیا جائے گا ہر ماہ تعداد میں اضافہ کر دیا جائے گا جس میں برادری کی کوئی شرط نہیں ہوگی شیخ کمیونٹی ملک بھر میں فلاح وبہبود کیلئے کام کر رہی ہے بہت جلد مزید عوامی فلاح وبہبود کے منصوبوں اور پلان کا اعلان کر دیا جائے گا جس سے متوسط طبقے کو براہ راست فائدہ ہوگا۔

کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ عبداللہ احمد نے جمعتہ المبارک کے موقع پر جامع مسجد امیر حمزہ، لاہور روڈ چنیوٹ میں کھلی کچہری لگائی۔کھلی کچہری میں ڈی ایس پی سٹی، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر، ایس ایچ او تھانہ سٹی، انچارج کمپلینٹ سیل اور دیگر پولیس افسران اور نمازیوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔ڈی پی او نے شہریوں کے مسائل سنے، مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی۔ڈی پی او نے متعلقہ افسران کو دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔کمپلینٹ سیل کو درخواستوں کی دادرسی یقینی بنوا کر فالواپ رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ڈی پی او نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسجد میں کھلی کچہری لگانا حضرت محمد ﷺ کی سنت ہے تاکہ آپ کے مسائل آپ کے پاس آکر سن کر حل کیے جائیں اور کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دیا جائے۔شہری معاشرتی، اخلاقی برائیوں وجرائم پیشہ عناصر سے متعلق اطلاع دے سکتے ہیں۔شہری پولیس سے متعلقہ شکایت نوٹ کروا سکتے ہیں، انکی دادرسی یقینی بنائی جائے گی۔

مین روڈ بس سٹاپ پر مسافروں کیلئے بنی انتظار گاہیں گزشتہ کئی سالوں سے چھتوں سے محروم

مسافر تیز دھوپ اور شدید گرمی میں فٹ پاتھ پر کھڑے ہو کر گاڑیوں کا انتظار کرنے پر مجبور ہیں

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) مین روڈ بس سٹاپ پر مسافروں کیلئے بنی انتظار گاہیں گزشتہ کئی سالوں سے چھتوں سے محروم، سایہ دار جگہ نہ ہونے کی وجہ سے بچوں سمیت خواتین اور بوڑھے مسافر تیز دھوپ اور شدید گرمی میں فٹ پاتھ پر کھڑے ہو کر گاڑیوں کا انتظار کرنے پر مجبور ہیں، شہریوں نے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے، تقریباً سترہ سال قبل محکمہ شاہرات نے مین فیروز پور روڈ کے دونوں اطراف بس سٹاپوں پر مسافروں کی سہولت کیلئے سایہ دار انتظار گاہیں تعمیر کی تھیں، جن کی چھتیں مناسب دیکھ بھال نہ ہونے اور تیز ہواؤں کے چلنے کی وجہ سے گزشتہ سالوں سے اُکھڑ چکی ہیں جبکہ وہاں پر نصب پلاسٹک کی کرسیاں چوراچکے اور نشئی اُکھاڑ کر لے جا چکے ہیں، اس حوالے سے شہریوں ملک خالد محمد شاہد قادری، ڈاکٹر امجد، ندیم انصاری اور دیگر نے کہا ہے کہ شدید گرمی اور حبس میں بس سٹاپوں پر سایہ نہ ہونا مسافروں کیلئے المیہ بن چکا ہے، ہم گزشتہ کئی سالوں سے حلقہ سے منتخب ہونے والے نمائندوں کو اس دیرینہ مسئلہ کی نشاندہی کر رہے ہیں لیکن اُن کے کانوں میں جوں نہیں رینگتی۔

حضرت امام حسین نے شہادت قبول کی لیکن اسلام پر کوئی آنچ نہیں آنے دی: چوہدری ضرغام احمد گورائیہ

محسن اسلام حضرت امام حسین اور آپ کے ہمنوا ساتھیوں کو جرأت وبہادری کی عظیم داستان رقم کرنے پر سلام عقیدت پیش کرتے ہیں: چوہدری محمد صہیب گورائیہ





نارنگ منڈی (میاں معظم سے) محرم الحرام امن کا درس دیتا ہے حضرت امام حسین نے شہادت قبول کی لیکن اسلام پر کوئی آنچ نہیں آنے دی اسلام خاندان نبوت کا یہ احسان کبھی نہیں بھولے گا محسن اسلام حضرت امام حسین اور آپ کے ہمنوا ساتھیوں کو جرأت وبہادری کی عظیم داستان رقم کرنے پر سلام عقیدت پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری محمد صہیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ واقعہ کربلا ہمیں اہلبیت کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے بچوں نے اسلام کی سربلندی کیلئے سب کچھ قربان کر دیا یہ کام اہلبیت کے علاوہ کوئی نہیں کر سکتا اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اس عظیم کام کیلئے اہلبیت کو چنا اور بتا دیا کہ عظیم کام کیلئے عظیم لوگوں کو ہی چنا جاتا ہے۔

جرم وسزا

CRIME & COURT

ایس ایچ او مراد پور نے 15 کلو منشیات برآمد کر کے ملزمان گرفتار کر لئے

علاقہ تھانہ مراد پور میں منشیات فروشی کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔کاشف علی بٹ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کے کرائم کنٹرول پر عمل پیرا فرض شناس ایس ایچ او تھانہ مراد پور کاشف علی بٹ نے ٹیم کے ہمراہ دوران کارروائی مشکوک کارسواروں کو روکا دوران چیکنگ کار سوار 2 خواتین سمیت 3 ملزمان کے قبضہ سے 15 کلو گرام منشیات برآمد کر کے ملزمان گرفتار کے کے مقدمہ درج کر لیا۔ اس دوران چرس 12 کلو گرام، افیون 3 کلو گرام، 30 بور پسٹل ناجائز، 20 ہزار روپے نقدی موبائل فون اور گاڑی کو بھی قبضہ میں لے لیا گیا۔ایس ایچ او تھانہ مراد پور کا کہنا ہے کہ ڈی پی او سیالکوٹ کے کرائم کنٹرول میکنزم پر عمل پیرا ہیں اور علاقہ تھانہ مراد پور میں منشیات فروشی یا قانونی تشکیل قطعی برداشت نہیں کی جاتی۔قانون شکن عناصر کیخلاف میرے پاس زیرو ٹالرنس پالیسی اپناتے گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں پیش کرنے کے سوا کچھ بھی نہیں

دو درجن سے زائد مقدمات میں ملوث ملزم اپنے ساتھیوں کی مبینہ فائرنگ سے زخمی حالت میں گرفتار

مکینوں نے علاقہ میں جرائم پیشہ مجرمان کے خلاف کاروائیوں پر پی سی ڈی کی کارکردگی کو سراہا



جھنگ (بیورو رپورٹ) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ جھنگ کی کاروائی دو درجن سے زائد مقدمات میں ملوث ملزم اپنے ساتھیوں کی مبینہ فائرنگ سے زخمی حالت میں گرفتار تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز دریام والا کے علاقے ماجھی سلطان کے نزدیک لنک روڈ پر کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ جھنگ کی ٹیم گشت پر مامور تھی کہ اچانک ڈاکوؤں کی طرف سے گاڑی کے سامنے آنے پر پی سی ڈی ٹیم کو لوٹنے کی کوشش میں فائرنگ کا تبادلہ جاری ہو گیا سی سی ڈی ٹیم کی طرف سے ڈاکوؤں کی فائرنگ کے بعد حفاظت خود اختیاری میں کی گئی جوابی فائرنگ کے بعد سرچ آپریشن میں دو درجن کے لگ بھگ مقدمات میں ریکارڈ یافتہ مطلوب ملزم مجاہد بدھڑ زخمی حالت میں اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا گیا جبکہ اسکے دیگر ساتھی رات کے اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے زخمی ملزم کو فوری طور پر 1122 کے ذریعے ہسپتال منتقل کر دیا گیا میکنوں نے علاقہ میں جرائم پیشہ مجرمان کے خلاف کاروائیوں پر پی سی ڈی کی کارکردگی کو سراہا ہے مزید برآں سی سی ڈی کی طرف سے بار بار واضح پیغام دیا جا رہا ہے کہ کسی ادارے یا طاقت کی اوٹ میں بیٹھے کسی بھی شخص کو ڈاکوؤں چوروں کی پشت پناہی نہ کرنے دی جائے گی نہ ہی عوام کے مال و جان کے نقصان پر خاموشی اختیار کی جائے گی بلکہ سہولت کاروں اور مجرمان کی پشت پناہی کرنے والے کرداروں کو لوگوں کے سامنے لایا جائے

قبرستان میں آوارہ کتوں نے نوجوان اور بچے کو کاٹ کر شدید زخمی کر دیا

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) قبرستان میں آوارہ کتوں نے نوجوان اور بچے کو کاٹ کر شدید زخمی کر دیا، بتایا گیا ہے کہ محلہ امیر کالونی کا رہائشی 27 سالہ ظہیر اور اُس کا چھوٹا بھائی 12 سالہ ابرار گزشتہ روز گنج شہداں بابا مولے شاہ والے قبرستان سے گزر رہے تھے کہ راستے پر براجمان آوارہ کتوں نے حملہ کر کے ظہیر کے پاؤں اور ابرار کے بازو پر کاٹ لیا، جنہیں زخمی حالت میں طبی امداد کیلئے رورل ماڈل سینٹر منتقل کر دیا گیا۔

اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ دو منشیات فروشوں سے بھاری مقدار میں چرس برآمد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ دو منشیات فروشوں سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لئے ہیں۔تفصیلات کے مطابق حجرہ شاہ مقیم پولیس نے چھاپہ مار کر نواحی قصبہ صابہ والا کے بدنام زمانہ منشیات فروش محمد ندیم ولد اشرف سے 2 کلو 200 گرام چرس برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ نے بدنام زمانہ منشیات فروش کو دس سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ نے بدنام زمانہ منشیات فروش کو دس سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔تفصیلات کے مطابق تھانہ گوگیرہ پولیس نے چھاپہ مار کر نواحی قصبہ فتح پور کے رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش وقاص احمد ولد خورشید سے 1600 گرام چرس برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا تھا جس کا فیصلہ سناتے ہوئے ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ عشرت عباس نے فیصلہ سناتے ہوئے مجرم کو 10 سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔عدم ادائیگی کی جرمانہ پر 4 ماہ مزید قید بھگتنا ہوگی۔

محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے پُرامن انعقاد کو ممکن بنایا جا رہا ہے: ڈپٹی کمشنر پاکپتن

ڈپٹی کمشنر نے 67 ای بی میں 7 محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ کا معائنہ کیا

عارفوالا (نمائندہ قوت) ڈپٹی کمشنر پاکپتن ماریہ طارق نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے پُرامن انعقاد، صفائی ستھرائی، روشنی، سکیورٹی اور دیگر سہولیات کی فراہمی کو ہر ممکن بنایا جا رہا ہے تاکہ عزاداران کو مکمل تحفظ اور سہولت فراہم کی جا سکے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ پوری سنجیدگی اور ذمے داری سے انتظامات کی نگرانی کر رہی ہے۔ڈپٹی کمشنر نے 67 ای بی میں 7 محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ کا معائنہ کیا اور مختلف مقامات پر کیے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے جلوس کے منتظمین سے ملاقات کر کے صفائی، سٹریٹ لائٹس، سکیورٹی، پانی، واش رومز اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق استفسار کیا اور موقع پر موجود افسران کو فوری بہتری کے احکامات جاری کیے۔ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ تمام انتظامات بروقت اور موثر انداز میں مکمل کیے جائیں اور کسی قسم کی کوتاہی یا سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔جلوس کے منتظمین نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کیے گئے مؤثر، بروقت اور مربوط انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جا رہا ہے جو قابل تحسین ہے۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر عارفوالہ فیصل عمران، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ظہیر احمد، اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔

سسرالیوں کا بیٹے کی والدہ پر تشدد نقدی اور گھر کی رجسٹری بھی لے گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) بیٹے کے سسرالیوں کا بیٹے کی والدہ پر تشدد نقدی اور گھر کی رجسٹری بھی لے گئے مقدمہ درج تھانہ بمبانوالہ کے علاقہ گوجرہ کی نسیم بیوہ محمد انور گھر پر موجود تھی کہ اس کے بیٹے کے سسرالی رشتہ دار یحییٰ، کاشف، بوٹا اور فضیلت بی بی آئے اور گھر پر موجود نسیم بی بی پر تشدد کرنے لگے اس کی بہو سنیہا نے اپنے کپڑے پھاڑ ڈالے، ملزمان گھر کی سیف الماری سے نقدی 2 لاکھ روپے اور گھر کی رجسٹری بھی ساتھ لے گئے، اور خاتون سمیت 3 افراد نے محنت کش کی جواں سالہ بیٹی کو اغوا کر لیا مقدمہ درج تھانہ ستراہ کے علاقہ کھنڈووالی کے محنت کش محمد مطلوب کی 17/18 سالہ بیٹی علیشبہ گھر پر موجود تھی اس کی عدم موجودگی میں اس کی جواں سالہ بیٹی کو ملزمان عدنان، نصیر احمد اور ثریا بی بی زبردستی اغوا کر کے اپنے ساتھ لے گئے تھانہ ستراہ پولیس نے ملزمان محمد مطلوب کی مدعیت میں ملزمان کے خلاف اغوا کا مقدمہ درج کر لیا۔

ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کا ڈسپنسری روڈ اور جی ٹی روڈ کا دورہ

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا اے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کا پسپ منصوبے کے پروگرام ڈائریکٹر عمر جاوید کے ہمراہ سرکی بازار، غلہ منڈی، ڈسپنسری روڈ اور جی ٹی روڈ کا دورہ، ممبران پنجاب اسمبلی ملک قاسم ندیم اور محمد ارشد ملک بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران انہوں نے سیوریج مسائل کا جائزہ لیا اور انہیں فوری حل کرنے کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔ میونسپل کارپوریشن اور کنٹریکٹرز مل کر سیوریج کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں، ڈپٹی کمشنر کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود اور ممبر صوبائی اسمبلی محمد ارشد ملک نے پسپ منصوبے کے پروگرام ڈائریکٹر عمر جاوید کے ہمراہ سرکی بازار، غلہ منڈی، ڈسپنسری روڈ اور جی ٹی روڈ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل، سی ای او ساہیوال واٹر اینڈ سینی ٹیشن سروسز کمپنی افتخار علی، سٹی میجر محمد اسجد خان، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد اور متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کے دوران انہوں نے سیوریج مسائل کا جائزہ لیا اور انہیں فوری حل کرنے کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن اور کنٹریکٹرز مل کر سیوریج کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔



پروگرام ڈائریکٹر عمر جاوید کے ہمراہ سرکی بازار، غلہ منڈی، ڈسپنسری روڈ اور جی ٹی روڈ کا دورہ، ممبران پنجاب اسمبلی ملک قاسم ندیم اور محمد ارشد ملک بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران انہوں نے سیوریج مسائل کا جائزہ لیا اور انہیں فوری حل کرنے کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔ میونسپل کارپوریشن اور کنٹریکٹرز مل کر سیوریج کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے جلوس کے روٹ کو کلیئر کرنے کے لئے میونسپل کارپوریشن اور پسپ حکام باہمی رابطہ میں رہیں۔ دورے کے دوران جی ٹی روڈ پر جاری سیوریج لائن بچھانے کے کام کا معائنہ کرتے ہوئے ممبر پنجاب اسمبلی محمد ارشد ملک نے اسے جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی تاکہ بارشوں کے موسم میں عوام کو درپیش مشکلات کا بروقت ازالہ کیا جا سکے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کام کی جگہ پر روزانہ پانی کا چھڑکاؤ یقینی بنایا جائے تاکہ گرد وغبار سے شہریوں کو پریشانی نہ ہو اور حفاظتی اقدامات پر مکمل عمل درآمد کیا جائے۔ انہوں نے ڈسپنسری روڈ کے اطراف صفائی کی صورتحال کا بھی جائزہ لی

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) ہفتہ 5 جولائی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ
QUWWAT
روزنامہ قوت
تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں لیکن اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کی بنا پر کسی بھی نوعیت کے نقصان کی ذمہ داری قبول نہیں کریں گے۔ اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مفہوم الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
042-3636003
ڈیسک ٹائم

تجلیات — **1**

چین کے علاوہ دورے کے دوران پاکستانی طلبہ کی تعداد اور مہمان نوازی پر صدر علیوف اور آذربائیجان کے عوام کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے صدر علیوف کے ساتھ علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ آذربائیجان کی جانب سے دی جانے والی سفارتی رہائش گاہ کے گراؤنڈ کو ''پاکستان کارنر'' کا نام دینے پر صدر علیوف کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں رہنماؤں نے دونوں ممالک کے مابین سیاسی، سفارتی اور تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ دونوں رہنماؤں نے دونوں ممالک کے مابین سرمایہ کاری کے امکانات کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا۔ آذربائیجان کی پاکستان میں سرمایہ کاری کو خوش آئند قرار دیا۔ دونوں رہنماؤں نے دونوں ممالک کے مابین دفاعی تعاون کو مزید بڑھانے پر زور دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ دونوں ممالک کی ترقی کے لئے دونوں ممالک کے مابین امن و استحکام ناگزیر ہے۔ دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن و استحکام کے لئے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا۔ دونوں رہنماؤں نے فلسطین کے مسئلہ کے منصفانہ حل پر زور دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ دونوں ممالک کی ترقی کے لئے خطے میں امن و استحکام ناگزیر ہے۔ دونوں رہنماؤں نے مشترکہ دلچسپی کے دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کو مزید بڑھانے کے لئے اعلیٰ سطحی رابطوں کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

تجلیات — **2**

دوران مارے گئے، کوٹ کنڈ کے 12 مارچ 2025ء میں صدر مدارعلیزہ پوسٹ آفس کے سامنے دھماکہ خیز مواد کا نشانہ بنا اور 5 مارچ 2025ء کو ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے کلاچی میں ڈاکٹر ذاکر کے گھر کو نشانہ بنایا گیا۔ ڈاکٹر ذاکر کو زخم آئے جبکہ ان کے 2 بیٹے اور 2 بیٹیاں جاں بحق ہوئیں۔ ان واقعات کے مقدمات درج کرلئے گئے ہیں۔ ایس ایس پی آپریشنز ڈیرہ اسماعیل خان نے کہا کہ ان واقعات کے ملزمان کی گرفتاری کے لئے ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملزمان کی گرفتاری کے لئے ٹیمیں مختلف علاقوں میں کام کر رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملزمان کی گرفتاری کے لئے ٹیمیں مختلف علاقوں میں کام کر رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملزمان کی گرفتاری کے لئے ٹیمیں مختلف علاقوں میں کام کر رہی ہیں۔

تجلیات — **3**

سال 7 افراد مارے گئے ہیں۔ پولیس کے مطابق ملزم بھی 2 ساتھیوں کے ہمراہ موٹر سائیکل پر آئے تھے۔ ملزم نے مدرسے کے احاطے میں داخل ہو کر فائرنگ کی جس سے 2 طلبہ جاں بحق ہوئے۔ پولیس نے ملزم کو موقع پر ہی گرفتار کر لیا۔ ملزم کی شناخت عبدالرحمٰن کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزم کا تعلق ضلع بنوں کے علاقے ٹل سے ہے۔ ملزم کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ ڈی پی او بنوں اسد اللہ خان نے کہا کہ ملزم کے ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ڈی پی او بنوں نے کہا کہ ملزم کے ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ڈی پی او بنوں نے کہا کہ ملزم کے ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

تجلیات — **4**

مؤثر کارروائی کی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے بتایا ہے کہ سیکرٹری داخلہ پنجاب کی ہدایت پر محکمہ داخلہ پنجاب کے ماتحت سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے حسن خیل میں 5 خوارج کو ہلاک کیا۔ ہلاک ہونے والے خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ ہلاک ہونے والے خوارج کا تعلق کالعدم تنظیم ٹی ٹی پی سے ہے۔ ہلاک ہونے والے خوارج کے ورثاء کو اطلاع دے دی گئی ہے۔ ہلاک ہونے والے خوارج کی لاشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئی ہیں۔ ہلاک ہونے والے خوارج کی تدفین کر دی گئی ہے۔ ہلاک ہونے والے خوارج کی تدفین کر دی گئی ہے۔

تجلیات — **5**

ہے، صوبہ بھر میں مجموعی طور پر 1365 جلوس اور 3940 مجالس منعقد ہوئیں جن میں عورتوں، بچوں اور بزرگوں نے حصہ لیا اور اسلام دشمنوں کے چہروں پر کھل کر تبرا کیا، علماء کرام نے اپنے اپنے مخصوص انداز میں تقاریر کیں اور اہل بیت اطہار کی محبت اور ان کے دشمنوں کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ ضلع کے تمام علماء کرام کے تعاون کا شکریہ ادا کرتے ہیں، ان کے تعاون کے بغیر یہ جلوس اس طرح پرامن نہیں ہو سکتے تھے جس طرح ہوئے ہیں، ضلع بھر میں 7 ہزار سے زائد پولیس اہلکار ڈیوٹی پر مامور تھے، ان کے علاوہ ایلیٹ فورس کے 500 اہلکار بھی ڈیوٹی پر تھے، ضلع بھر میں 5 ہزار سے زائد سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے بھی نگرانی کی گئی، ڈرونز کیمروں کی مدد سے بھی نگرانی کی گئی، ڈی پی او بنوں ڈاکٹر عثمان انور نے بتایا ہے کہ

یتیم و بیوہ بچوں کی امداد کیلئے خصوصی فنڈ قائم کیا جائے، سیکرٹری داخلہ پنجاب

سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کا چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کا دورہ، بیورو کے مختلف سیکشنز کا معائنہ

انکی تعلیم، صحت، خوراک اور مجموعی دیکھ بھال بارے دریافت کیا، تمام اضلاع میں ڈپٹی کمشنرز چائلڈ پروٹیکشن یونٹس کی بھرپور نگرانی و معاونت کریں

لاہور (این این آئی) سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کا دورہ کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری داخلہ نے چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو مہر صوبائی اسمبلی سارہ احمد سے ملاقات کی بیورو کی کارکردگی اور گرلز ہاسٹل بارے بریفنگ لی۔ ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ عاصمہ جبیہ، ڈی جی چائلڈ پروٹیکشن بیورو آفتاب احمد اور دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ سیکرٹری داخلہ نے بیورو کے مختلف سیکشنز کا دورہ کیا اور بچوں سے شفقت بھری ملاقات کی۔ انہوں نے چائلڈ پروٹیکشن سکول، آئی ٹی لیب، ایکٹیویٹی روم، سپورٹس کمپلیکس اور ہائیڈ کا معائنہ کیا۔ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے چائلڈ پروٹیکشن بیورو (بقیہ نمبر 5 پر)



صوبائی وزراء چوہدری شافع حسین اور ڈپٹی اپوزیشن رفیق مہر الحرام کے حوالے سے قائم مرکزی کنٹرول روم اور مرکزی جلوس کے روٹ کا معائنہ کررہے ہیں

چوہدری شافع حسین کا سیکیورٹی و دیگر انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے گجرات کا دورہ

محرم الحرام کے دوران امن، بھائی چارے اور بین المذاہب ہم آہنگی کو یقینی بنانے کے لیے حکومتی مشیری پوری طرح متحرک ہے، صوبائی وزیر صنعت و تجارت

اجلاس میں کمشنر گوجرانوالہ فرخ امین نیاز، آر پی او سید خلیفہ چنیہ، ڈپٹی کمشنر گجرات فرحان ناز اور دیگر ضلعی افسران نے شرکت کی

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے محرم الحرام کے دوران سیکیورٹی، صفائی، شہری سہولیات اور دیگر انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ضلع گجرات کا دورہ کیا۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر آفس اور ڈی پی او آفس میں قائم کنٹرول رومز کا معائنہ کیا اور ایمرجنسی 15 کے عملی پرامینان کا اظہار کیا۔ صوبائی وزیر نے محرم کے مالکی جلوس کے روٹ کا بھی دورہ کیا اور موقع پر موجود افسران سے سیکیورٹی اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ امور پر تبادلہ خیال کیا۔ (بقیہ نمبر 44)



خواجہ سلمان رفیق کا پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس کا دورہ

مون سون بارشوں کا دوسرا سلسلہ 5 سے 10 جولائی کے دوران جاری رہنے کی پیشگوئی ہے، صوبائی وزیر صحت کو بریفنگ

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے مون سون صورتحال اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر لاہور ڈی جی پی ڈی ایم اے سید جواد حیدر نے صوبائی وزیر کو مون سون بارشوں بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ مون سون بارشوں کا دوسرا سلسلہ 5 سے 10 جولائی کے دوران جاری رہنے کی پیشگوئی ہے۔ پی ڈی ایم اے پنجاب نے صوبہ بھر کی انتظامیہ کو مون سون بارشوں بارے الرٹ جاری کر دیا ہے۔ 9 اور (بقیہ نمبر 45)



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس میں مون سون کے حوالے سے انتظامات بارے بریفنگ لے رہے ہیں

پنجاب اسمبلی میں پیدا ہونیوالا حالیہ مسئلہ اسمبلی کے ہی اندر حل ہونا چاہیے، رفیق

رکنیت کی معطلی اسپیکر کا آئینی اختیار ہے، مگر اراکین کی مستقل رکنیت ختم کروانے کی کوئی کوشش نہ کی جائے۔

جب یوسف رضا گیلانی کو وزارت عظمیٰ سے نکالا گیا تو بھی اس اقدام کے خلاف پیپلز پارٹی نے سینئر رہنما پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ اسمبلیاں جیسی بھی ہوں، اختلاف یا اتفاق رائے کے اندر ہی حل ہونا چاہیے اور اس کے لیے تمام جماعتوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن اراکین کی رکنیت معطلی کے معاملے پر کہا کہ رکنیت کی معطلی اسپیکر کا (بقیہ نمبر 4 پر)

زیر تربیت سول افسران کا سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ

سیف سٹی کے کنٹرول روم، ٹریفک مینجمنٹ، چالان سسٹم اور ویمن ورچوئل پولیس سٹیشن کا جائزہ

لاہور (نیوز ایڈیٹر) سول سرونٹ اکیڈمی لاہور کے 55 افسران اور 2 فیکلی ممبران شامل تھے جنہیں ایم ڈی سیف سٹی مہر احسن یونس نے سیف سٹی کے مختلف شعبوں اور ان کے کام (بقیہ نمبر 36 پر)

پنجاب کی سبزی و فروٹ منڈیوں میں نومبر تک ڈیجیٹل نظام نافذ ہوگا، احسان بھٹہ

ڈیجیٹل حاضری، صفائی ایل ڈبلیو ایم کے پیرو، مارکیٹ فیس آؤٹ سورس کی جائیگی، کنٹرولر مارکیٹنگ ریگولیری اتھارٹی (بقیہ نمبر 37)

لاہور (نیوز ایڈیٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر سبزی و فروٹ منڈیوں میں جدید اصلاحات کے تحت ڈیجیٹل سسٹم کا نفاذ مکمل ہونے جا رہا ہے۔ اس حوالے سے سیکرٹری پراسٹ کنٹرول ڈاکٹر احسان بھٹہ کی زیر صدارت پنجاب ایگریکلچر مارکیٹنگ ریگولیٹری اتھارٹی کا اجلاس ہوا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پہلے مرحلے میں 12533 اسٹامز پنجاب کی 158584 دکانوں پر لگائے جائیں گے جبکہ 18017 اسٹامز کی تنصیب کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ 634 دکانوں پر اسٹامز کی تنصیب جاری ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 13 ہزار 846 دکانوں پر اسٹامز کی تنصیب کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ 23648 دکانوں پر اسٹامز کی تنصیب کا کام جاری ہے۔ 5940 دکانوں پر اسٹامز کی تنصیب کا کام باقی ہے۔ 5590 دکانوں پر اسٹامز کی تنصیب کا کام مکمل ہونے جا رہا ہے۔ 1846